https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعہ 21 اگست 2026ء | 7 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 134

مولانا فضل الرحمٰن کی اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی سے ملاقات، متحدہ اپوزیشن کے قیام کا اعلان

ہمیں متحدہ اپوزیشن کی طرف جانا چاہئے، ہم مشترکہ پارلیمانی کردار ادا کرنا چاہتے ہیں، اس حوالے سے مزید مشاورت جاری رہے گی، اس پر مزید ملاقاتیں ہوں گی، امید ہے کہ اچھا آغاز ہو

اگر میرے ہاتھ میں ہوتا تو اب تک بانی پی ٹی آئی کا علاج بھی ہوچکا ہوتا' آغاز اچھا ہو، اپوزیشن جماعتوں کی آل پارٹیز کانفرنس کیلئے بھی ماحول بننا چاہئے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمٰن نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کے بعد متحدہ اپوزیشن کے قیام کا اعلان کردیا۔ جمعرات کو مولانا فضل الرحمٰن نے پارلیمنٹ ہاؤس میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ان کے چیمبر میں ملاقات کی۔ مولانا فضل الرحمان کے وفد میں کامران مرتضیٰ اور مولانا واسع شامل تھے جبکہ محمود خان اچکزئی کے ساتھ اخوزادہ حسین یوسفزئی اور اسد قیصر موجود تھے۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو میں مولانا فضل الرحمٰن نے متحدہ اپوزیشن کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اصولی طور پر اتفاق ہوا ہے کہ ہمیں متحدہ اپوزیشن کی طرف جانا چاہئے، ہم مشترکہ پارلیمانی کردار ادا کرنا چاہتے ہیں، اس حوالے سے مزید مشاورت جاری رہے گی، اس (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران اپوزیشن ارکان پارلیمنٹ سے مصافحہ کررہے ہیں

پاکستان اور سعودی عرب کا خوراک کے اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کا فیصلہ

سعودی وزیر برائے ماحولیات و زراعت عبدالرحمٰن الفضلی جلد پاکستان کا دورہ کریں

سعودی وفد نیشنل ایگریکلچر ریسرچ سینٹر کا دورہ کرے گا جہاں وفد کو زرعی تحقیقی پہلوؤں پر بریفنگ دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب نے خوراک کے چار اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کا فیصلہ کرلیا جس کیلئے سعودی وزیر برائے ماحولیات و زراعت عبدالرحمٰن الفضلی جلد پاکستان کا دورہ کریں۔ جمعرات کو وزارت اقتصادی امور کے مطابق وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ کی زیر صدارت پاک سعودی عرب زرعی تجارت کے فروغ پر منعقدہ اہم جائزہ اجلاس میں وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ، سیکرٹری (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

عمران خان کو ریلیف دینے سے دیگر قیدیوں کیلئے بھی نجی ہسپتال کے دروازے کھل جائینگے، خواجہ آصف

انصاف کے تقاضے سب کیلئے برابر ہونے چاہییں، کسی ایک فرد کو خصوصی سہولت نہیں ملنی چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے عمران خان کو علاج کیلئے نجی ہسپتال منتقل کرنے کے عدالتی اقدام پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

جی ڈی اے کا پشیکان جیٹی میں سمندری گاد کے مستقل حل کا منصوبہ تیار

کشتیوں کی واپسی کیلئے استعمال ہونے والے راستے کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل طور پر صاف کیا جائے

گوادر (این این آئی) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) نے پشیکان جیٹی پر بار بار جمع ہونے والی سمندری گاد کے مسئلے کے مستقل حل کیلئے بلوچستان حکومت کو جامع منصوبہ پیش کردیا ہے۔ منصوبے میں مستقل بنیادوں پر ڈریجنگ اور بریک واٹر کی توسیع شامل ہے۔ (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ میں ترمیم اور ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 قومی اسمبلی اور سینیٹ سے منظور

اسلام آباد (این این آئی) ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ 2026 میں ترمیم کے بل قومی (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

صوابی، شدید بارش سے مختلف مقامات پر عمارتیں منہدم، باپ بیٹی جاں بحق، مزید نقصانات کا خدشہ

صوابی (این این آئی) ضلع صوابی کے مختلف علاقوں میں عمارتیں منہدم ہونے اور گھر کی چھت گرنے کے باعث اب تک دو (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

دہشتگردی بنی نوع انسان کو درپیش سب سے سنگین مسئلہ ہے، وزیراعظم

انسانیت سے عاری عوامل ہی معصوم انسانوں کی جانوں سے اپنے مذموم مقاصد کے لئے کھیل سکتے ہیں' پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ دہشت گردی بنی نوع انسان کو درپیش سب سے سنگین مسئلہ ہے، انسانیت سے عاری عوامل ہی معصوم انسانوں کی جانوں سے اپنے مذموم مقاصد کے لئے کھیل سکتے ہیں، اقوام عالم میں کوئی قوم، تہذیب، مذہب وعقیدہ، دہشت گردی کی ترغیب نہیں دیتا، دہشت گردی کی کارروائیاں بیمار (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم نے پنشنرز کیلئے پروف آف لائف کے جدید نظام کا افتتاح کردیا

پنشنرز کیلئے نیا بائیومیٹرک اور چہرے کا تصدیقی نظام انسانیت کی بڑی خدمت ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پنشنرز کیلئے نیا بائیومیٹرک اور چہرے کا تصدیقی نظام انسانیت کی بڑی خدمت ہے، جدید ڈیجیٹل سسٹم اور ایپ سے لاکھوں پنشنرز مستفید ہوں گے، نئے نظام سے پنشنرز کے بیٹکوں کے چکر ختم ہوجائیں گے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار جمعرات کو یہاں پنشنرز کے لیے پروف آف لائف سرٹیفکیٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پنشنرز کے لیے نیا نظام بہت بڑی خدمت ہے، نئے بائیومیٹرک اور چہرے کا تصدیقی نظام انسانیت کی خدمت ہے، نادرا کی جانب سے جدید پنشن ایپ اور تصدیقی نظام مفت فراہم کیا گیا ہے، اس اقدام (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

آئیں اور بیٹھ کر بات کریں، شہباز شریف کی اپوزیشن کو پھر مذاکرات کی پیشکش

آئی ٹی کی برآمدات میں بتدریج اضافہ ہورہا ہے، جولائی 2026 میں اس میں 18 فیصد اضافہ ہوا، یہ بہت بڑی کامیابی ہے جس کیلئے میں وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں

تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے، اب اپوزیشن پر منحصر ہے کہ وہ کتنا جلد تعمیری بات چیت کیلئے تیار ہوتی ہے' ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے فی لیٹر کمی خوش آئند، آئندہ دنوں میں صورتحال بہتر ہوگی، شہباز شریف کا کابینہ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپوزیشن کو ایک بار پھر مذاکرات کی پیشکش کرتے ہوئے کہا ہے کہ تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے، اب اپوزیشن پر منحصر ہے کہ وہ کتنا جلد تعمیری بات چیت کیلئے تیار ہوتی ہے، پاکستان کی معاشی ترقی اور جمہوریت کو تقویت دینے کیلئے معاملات کو بیٹھ کر طے کرنا ہوگا، ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے فی لیٹر کمی خوش آئند، آئندہ دنوں میں صورتحال بہتر ہوگی۔ جمعرات کو وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ وزارت پٹرولیم کی کاوشوں سے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے فی لیٹر کمی کی ہے جو خوش آئند ہے، حکومت عام آدمی کو جہاں سے بھی ممکن ہوگا بچت کرکے ریلیف دے گی۔ انہوں نے کہا کہ خلیج اور آبنائے ہرمز میں جو صورتحال ہے اس کی وجہ سے نہ صرف پٹرولیم کی سپلائی میں مشکلات ہیں بلکہ کئی ممالک کی اپنی ریفائنریز اور گیس کے پلانٹ بند پڑے ہیں، پورا خطہ (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

شہباز شریف نے پنشنرز کیلئے پروف آف لائف کے جدید نظام کا افتتاح کردیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پنشنرز کیلئے پروف آف لائف کے جدید نظام کا افتتاح کردیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ملکی ترقی کیلئے دن رات کوشاں ہیں، پنشنرز کیلئے نیا نظام بڑی خدمت ہے۔ وزیراعظم نے (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

گورنمنٹ کالج ٹیکنالوجی سریاب میں 11 سال سے تعلیمی سرگرمیاں اور کلاسز معطل

بلوچستان ہائی کورٹ کا متعلقہ حکام سے جامع رپورٹ طلب

کلاسز کی معطلی کی وجوہات، تعلیمی سرگرمیوں کی بحالی کیلئے محکمہ کی جانب سے کیے گئے اقدامات اور ادارے کو دوبارہ فعال بنانے کیلئے آئندہ کا لائحہ عمل واضح کیا جائے

کسی تعلیمی ادارے کا مسلسل غیر فعال رہنا نہ صرف طلباء کیلئے مشکلات کا باعث ہے بلکہ ان کی تعلیم، مستقبل اور پیشہ ورانہ کیریئر کو بھی بری طرح متاثر کرتا ہے۔ عدالت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس اقبال احمد کاسی اور جسٹس میاں محمد رؤف عطا پر مشتمل دو رکنی بینچ نے گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی سریاب روڈ کوئٹہ میں گزشتہ 22 سال سے تعلیمی سرگرمیاں اور کلاسز معطل رہنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے جامع رپورٹ طلب کرلی۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل عمران بلوچ، اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل چنگیز دشتی اور مدعا علیہ (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

عمران خان کی ہسپتال منتقلی فیصلے پر نظر ثانی دوبارہ دائر کردی

عدالتی فیصلے سے چیزیں واضح ہوجائیں گی، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو اسپتال منتقل کرنے کی کوئی ڈیڈ لائن نہیں ہے، ہسپتال (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

آج کے بل میں کوئی ایسی بات نہیں تھی جس سے خدانخواستہ کسی چیز کو خطرہ ہو، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آج کے بل میں کوئی ایسی بات نہیں تھی جس سے خدانخواستہ کسی چیز کو خطرہ ہو۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ کے سسٹم پر رائے نہ ہی لیں تو بہتر ہے، جسٹس نعیم اختر افغان

سسٹم کو پورا ایکسپوز ہونے دیں، سسٹم سے کیس غائب ہوسکتا ہے، ہم نہیں، ہم یہاں موجود ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزا معطلی کی اپیلوں پر سماعت کے دوران جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیئے کہ سسٹم کو پورا ایکسپوز ہونے دیں، سسٹم سے کیس غائب ہوسکتا ہے، ہم نہیں، ہم یہاں موجود ہیں۔ جمعرات کو سپریم کورٹ میں جسٹس نعیم اختر افغان کی سربراہی میں 2 رکنی بنچ نے ایمان مزاری (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

سوشل میڈیا پر حکومت مخالف بیانیہ پھیلانے والے سرکاری ملازمین کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سوشل میڈیا کے استعمال کے حوالے سے سول سروس کنڈکٹ رولز کی خلاف ورزی کے مرتکب ملازمین کے خلاف کارروائی کا (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن بھی ہوگا، حافظ نعیم کا ملک گیر ہڑتال کا اعلان

مہنگائی نے عوام کو بری طرح متاثر کر رکھا ہے اور ہر شعبے میں مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ حکومت کا نظام عوام کو ڈیلیور نہیں کررہا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ 12 ربیع الاول کے اگلے ہفتے ملک بھر میں ہڑتال کی کال دیں گے، ہڑتال میں پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن بھی ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ملک میں (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

بلوچستان سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران 5 دہشتگرد ہلاک

دہشتگرد موٹر سائیکلوں پر سوار ہوکر دہشتگردی کی کارروائی کرنے جارہے تھے جس دوران جدید ٹیکنالوجی اور ہتھیاروں سے دہشتگردوں کو نشانہ بنایا گیا

ہلاک دہشتگرد لوٹ مار، اغوا، ٹارگٹ کلنگ، خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پنجگور کلی سوران میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس دوران فتنہ الہندوستان کے 5 دہشتگرد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ دہشتگرد موٹر سائیکلوں پر سوار ہوکر دہشتگردی کی کارروائی کرنے جارہے تھے جس دوران جدید ٹیکنالوجی اور ہتھیاروں (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ ڈپٹی چیئرمین سینٹ سید دال ناصر راولپنڈی چیمبر آف سمال ٹریڈرز سمال انڈسٹریز کے منعقدہ ایس ایم ای ایس ایوارڈ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

عدالتی تحقیقاتی کمیشن زیارت دہشتگردی واقعے کی جامع اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کررہا ہے' حکومت

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان کی جانب سے قائم کردہ عدالتی تحقیقاتی کمیشن، معزز جسٹس محمد عامر نواز رانا ضلع زیارت کے مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر پیش آنے والے دہشت گردی کے واقعے کی جامع اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کررہا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق تحقیقاتی کمیشن واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لے رہا ہے، جن میں واقعے کے اصل حقائق، اسباب (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کا جی ایس پی پلس فریم ورک کے تحت وعدوں اور کنونشنز پر موثر عملدرآمد پر زور

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے جی ایس پی پلس فریم ورک کے تحت وعدوں اور کنونشنز پر موثر عملدرآمد پر زور دیا ہے۔ جمعرات کو نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں دوست ممالک، بالخصوص (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائینگے' نور محمد دمڑ

حکومت عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کے بروقت حل کیلئے سنجیدہ اور عملی اقدامات اٹھا رہی ہے' صوبائی وزیر کمیونٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کمیونٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے زیارت، ہرنائی اور سنجاوی سے آئے مختلف وفود نے سول سیکرٹریٹ میں ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفود کے شرکاء نے اپنے اپنے علاقوں کو درپیش عوامی مسائل، بنیادی سہولیات کی کمی، علاقائی ضروریات اور دیگر اہم امور سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا وفود نے مختلف مسائل کے حل کیلئے (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

چیف آف ڈیفنس فورسز کے اختیارات سے متعلق پاکستان دفاعی افواج ایکٹ 2026 قومی اسمبلی و سینیٹ سے منظور

اسمبلی سے اپوزیشن نے ووٹ کے عمل کا بائیکاٹ کرتے ہوئے ایوان سے احتجاجاً واک آؤٹ کیا، ایمل ولی خان کا سخت ردعمل

معرکہ حق میں افواج پاکستان اسی کو آرڈینیشن میں لڑیں اور پاکستان کو اللہ نے فتح دی ہے، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کی بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی اور سینیٹ نے پاکستان دفاعی افواج ایکٹ 2026 منظور کرلیا، ایکٹ تیرہ نومبر 2025 سے نافذ العمل ہوگا۔ جمعرات کو اسپیکر ایاز صادق کی وزیر صدارت قومی اسمبلی کا اجلاس ہوا، وزیراعظم شہباز شریف ایوان میں پہنچے اور اپوزیشن نشستوں پر جاکر اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے مصافحہ کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف بیرسٹر گوہر، اسد قیصر اور عامر ڈوگر سے بھی ملے۔ قومی اسمبلی (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

کاروباری طبقے اور سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات جاری ہیں' بلال اظہر

حکومت نے گزشتہ ڈھائی سال کے دوران معاشی استحکام کے حصول کیلئے نمایاں پیشرفت کی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے ریلوے بلال اظہر (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)



صوبائی وزیر کمیونٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی سائل کی درخواست پر فوری احکامات جاری کررہے ہیں

پشین سرانان میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس تھانے کو دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا

پولیس کی 2 گاڑیاں، اسلحہ اور 2 اہلکاروں کو اپنے ہمراہ لے گئے مسلح افراد نے بعد ازاں دونوں پولیس اہلکاروں کو چھوڑ دیا

واقعہ کے بعد پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی

کوئٹہ (این این آئی) پشین کے علاقے سرانان میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس تھانے کو دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا جاتے ہوئے دو گاڑیاں، اسلحہ اور دو اہلکاروں کو اپنے ہمراہ لے گئے جنہیں بعد ازاں چھوڑ دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جمعرات کو سرانان میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس تھانے کو دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا اور جاتے ہوئے پولیس کی 2 گاڑیاں، اسلحہ اور (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

یاماہا موٹر سائیکلز کی پاکستان سے مینوفیکچرنگ آپریشنز ختم کرنے کی بنیادی وجہ کمپنی کو درپیش مسابقتی دباؤ تھا، ہارون اختر

یاماہا موٹر سائیکلز کے حکام سے ملاقات کرکے پاکستان سے کاروباری آپریشنز ختم کرنے کی وجوہات معلوم کی جائیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت وتجارت ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ یاماہا موٹر سائیکلز کی پاکستان سے مینوفیکچرنگ آپریشنز ختم کرنے کی بنیادی وجہ ملکی معیشت، شرح سود یا بجلی کی قیمتیں نہیں بلکہ کمپنی کو درپیش مسابقتی دباؤ تھا۔ جمعرات کو سینیٹ اجلاس میں سینیٹر کامل علی آغا کی جانب سے جمع کرائے تحریری سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے انہیں خصوصی ہدایت کی تھی کہ یاماہا موٹر سائیکلز کے حکام سے ملاقات کرکے پاکستان سے کاروباری آپریشنز (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

پاکستان اور سعودی عرب کی مکہ دفاعی معاہدے کی وضاحت

نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ پاکستان محمد اسحاق ڈار نے واضح کیا ہے کہ مکہ معاہدہ مکمل طور پر دفاعی نوعیت کا حامل معاہدہ ہے اور اس کا مقصد کسی بھی ملک کے خلاف کارروائی کرنا نہیں بلکہ خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیئے جاری کوششوں کا مزید مضبوط بنانا ہے۔ ان کے بقول ہر وہ ملک اس معاہدے میں شامل ہوسکتا ہے جو معاہدے کے بنیادی اصولوں کی پاسداری اور باہمی احترام، تعاون اور پر امن ذرائع سے اختلافات کے حل کے لئے آمادہ ہو۔ گذشتہ روز "ایکس" پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین ہونے والا مکہ دفاعی معاہدہ تینوں ممالک کی قیادت اور عوام کے درمیان برادرانہ تعلقات کی گہرائی کا عکاس ہے جس کا مقصد امن وسلامتی کے مختلف چیلنجز سے نمٹنا، سٹریٹجک تعاون کو مضبوط بنانا اور خطے میں امن واستحکام اور خوشحالی کے فروغ کے لئے مشترکہ خواہش کو آگے بڑھانا ہے۔ اسی تناظر میں تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر بیرونی حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ اسی طرح سعودی وزارتِ خارجہ کے نائب وزیر ڈاکٹر رائد قرملی نے کہا کہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا مقصد تینوں بانی ممالک کی مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانا، سٹریٹجک دفاعی تیاریوں کو ترقی دینا اور ان کی سلامتی اور علاقائی سلامتی کو درپیش کسی بھی خطرے کا مشترکہ طور پر مقابلہ کرنے کے لئے تعاون کو فروغ دینا ہے۔ ان کے بقول اس معاہدے کا مقصد کسی فوجی اتحاد یا فرقہ وارانہ مسلکی بلاک کے قیام کی جانب کسی قسم کی پیش رفت ہرگز نہیں اور نہ ہی اس کا تعلق جوہری عزائم یا خطے میں اسلحے کی دوڑ سے ہے۔ یہ خطے کے کسی ملک کی سلامتی کے خطرہ ہے نہ کسی دو ممالک کے مابین کشیدگی میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔ بے شک پاکستان اور سعودی عرب کی جانب سے اس امر کی وضاحت کہ یہ معاہدہ مکمل طور پر دفاعی نوعیت کا ہے اور کسی ملک کو ہدف نہیں بناتا، ان تمام خدشات کا جواب ہے جو اس معاہدے کے حوالے سے بعض حلقوں کی جانب سے پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یہ امر واقع ہے کہ مکہ دفاعی معاہدہ وقتی حالات کا ردعمل نہیں بلکہ باہمی اعتماد، مشترکہ سلامتی اور خطے میں پائیدار امن کے لئے سوچے سمجھے لائحہ عمل کا نتیجہ ہے۔ دنیا کا مسلمہ اصول ہے کہ ہر ریاست کو اپنے دفاع کا حق حاصل ہے۔ اگر کوئی ملک جارحیت کا ارتکاب کرے تو اس کا جواب اپنے دفاع میں دینا نہ صرف ریاست کا حق بلکہ اس کی ذمہ داری بھی بن جاتی ہے۔ مکہ معاہدے کی اصل روح بھی یہی ہے کہ کسی کے خلاف جنگ میں پہل نہیں کی جائے گی تاہم کسی رکن ملک کے خلاف جارحیت کی صورت میں مشترکہ دفاع کو یقینی بنایا جائے گا۔ یہی دفاعی یقین دہانی درحقیقت جنگ کے امکانات کم کرنے اور امن کو مستحکم کرنے کا ذریعہ بنتی ہے۔ پاکستان کا ایٹمی پروگرام بھی اسی دفاعی تصور کی ایک بڑی مثال ہے۔ پاکستان نے ایٹمی صلاحیت جارحیت کے لئے نہیں بلکہ اپنی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لئے حاصل کی اور اس دفاعی توازن نے بھارت کے جنگی جنون کے آگے ایک مضبوط بند باندھا۔ اسی طرح مکہ دفاعی معاہدہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے لئے ایک مشترکہ دفاعی حصار کی حیثیت رکھتا ہے۔ جب تین اہم مسلم ممالک ایک دوسرے کی سلامتی کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہوں گے تو کسی بھی ممکنہ جارح کو اپنے عزائم کے نتائج پر کئی بار سوچنا پڑے گا۔

گھر سے چھوٹے کاروبار کی شروعات کیسے کی جائے؟

آج کے مہنگائی کے دور میں صرف ایک ملازمت یا آمدنی کے ذریعے پر انحصار کرنا بہت سے خاندانوں کے لیے مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ بجلی، گیس، پٹرول، تعلیم، علاج اور روزمرہ کی اشیائے خورونوش کے بڑھتے ہوئے اخراجات آمدنی پر مسلسل دباؤ ڈال رہے ہیں۔ ایسی صورتِ حال میں سوال یہ ہے کہ کیا ایک عام خاندان محدود سرمائے سے اپنی آمدنی کا دوسرا ذریعہ پیدا کرسکتا ہے؟ یقیناً کرسکتا ہے، اگر سوچ، منصوبہ بندی اور محنت کے ساتھ چھوٹے کاروبار کا آغاز کیا جائے۔ کاروبار شروع کرنے کے لیے یہ ضروری نہیں کہ لاکھوں روپے کا سرمایہ ہو؛ بہت سے کاروبار گھر سے ہی چند ہزار روپے کی سرمایہ کاری سے شروع کیے جاسکتے ہیں۔ اصل سرمایہ صرف پیسہ نہیں، بلکہ مہارت، وقت، اعتماد، مستقل مزاجی، نئی چیز سیکھنے کی صلاحیت اور مارکیٹ کی ضرورت کو سمجھنا بھی کاروبار کا اہم سرمایہ ہیں۔ آج کے دور میں موبائل فون، انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا ایسے وسائل بن چکے ہیں جن کی مدد سے انسان گھر بیٹھے اپنی اشیا اور خدمات گاہکوں تک پہنچا سکتا ہے۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ انسان اپنی صلاحیت کو پہچانے، چھوٹی سطح سے آغاز کرے اور آہستہ آہستہ اپنے کاروبار کو وسعت دیتا جائے۔ چند گھریلو کاروبار درج ذیل ہیں جن کے ذریعے اپنا کاروبار شروع کر کے معاشی خودمختاری حاصل کی جاسکتی ہے۔

گھر کا کھانا اور بیکری کا کاروبار

پاکستان میں گھر سے شروع ہونے والے کاروباروں میں کھانے پینے کا کاروبار سب سے زیادہ عملی اور نسبتاً آسان ہے۔ اگر گھر کے کسی فرد کو اچھا کھانا پکانے یا بیکری کی اشیا بنانے کا ہنر حاصل ہو تو کیک، بسکٹ، سموسے، پکوڑے، رول، بریانی، اچار، چٹنیاں، مٹھائیاں اور دیگر اشیا آرڈر پر تیار کی جاسکتی ہیں۔ ابتدا محلے، اسکولوں، دفاتر اور دوستوں سے کی جاسکتی ہے۔ فیس بک اور واٹس ایپ کے ذریعے کھانے کی تصاویر، قیمتیں اور آرڈر کی سہولت گاہکوں تک پہنچائی جاسکتی ہے۔ اس کاروبار میں ذائقہ، صفائی، مناسب قیمت اور وقت پر آرڈر پہنچانا سب سے اہم ہیں۔ چھوٹی شروعات کو آہستہ آہستہ ایک معروف گھریلو برانڈ میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

سلائی، کڑھائی اور کپڑوں کا کاروبار

سلائی اور کڑھائی پاکستانی معاشرے میں گھر سے آمدنی حاصل کرنے کا ایک بہترین ذریعہ بن سکتی ہے۔ اگر گھر میں کسی فرد کو سلائی یا کڑھائی کی مہارت حاصل ہو تو خواتین اور بچوں کے کپڑے، اسکول یونیفارم، کپڑوں کی کٹنگ، کڑھائی اور سادہ ڈیزائننگ کی خدمات فراہم کی جاسکتی ہیں۔ عید، شادی اور دیگر مواقع پر اس کام کی طلب مزید بڑھ جاتی ہے۔ اپنے تیار کردہ کپڑوں کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کر کے نئے گاہک حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ وقت کی پابندی، بہترین فٹنگ، مناسب اجرت اور اچھا رویہ گاہکوں کا اعتماد بڑھاتے ہیں، اور یہی اعتماد کاروبار کو مستقل آمدنی میں تبدیل کرسکتا ہے۔

آن لائن خرید وفروخت

موبائل فون اور انٹرنیٹ گھر بیٹھے کاروبار کرنے کے بڑے ذرائع بن چکے ہیں۔ کوئی بھی شخص کپڑے، حجاب، اسکارف، کاسمیٹکس، مصنوعی زیورات، موبائل ایکسیسریز، بچوں کی اشیا، بیڈ شیٹس یا گھریلو استعمال کی چیزیں آن لائن فروخت کرسکتا ہے۔ ابتدا میں بڑا اسٹاک خریدنے کے بجائے چند منتخب اشیا سے کاروبار شروع کرنا زیادہ محفوظ ہے۔ ہول سیل مارکیٹ سے مناسب قیمت پر سامان خرید کر اس کی صاف اور خوبصورت تصاویر بنا کر واٹس ایپ، فیس بک اور انسٹاگرام پر شیئر کی جاسکتی ہیں۔ گاہک سے آرڈر ملنے کے بعد سامان پہنچانے کا بہتر نظام بنایا جائے۔ اس کاروبار میں اصل کامیابی صرف اشیا فروخت کرنے میں نہیں بلکہ گاہک کا اعتماد حاصل کرنے میں ہے۔ معیاری مصنوعات، مناسب قیمت اور بروقت ڈیلیوری کاروبار کو آگے بڑھاتی ہے۔

گھر میں ٹیوشن سینٹر

جن افراد کو تعلیم، تدریس یا کسی خاص مضمون میں مہارت حاصل ہو، ان کے لیے گھر میں ٹیوشن سینٹر شروع کرنا کم سرمائے سے آمدنی حاصل کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔ گھر کے ایک کمرے میں اسکول کے بچوں کو سندھی، اردو، انگریزی، ریاضی، سائنس یا دیگر مضامین پڑھائے جاسکتے ہیں۔ امتحانات کی تیاری کے لیے خصوصی کلاسز بھی شروع کی جاسکتی ہیں۔ موبائل فون اور انٹرنیٹ کی مدد سے آن لائن ٹیوشن بھی دی جاسکتی ہے، جس سے دوسرے شہروں کے طلبہ بھی گاہک بن سکتے ہیں۔ اس کاروبار میں عمارت یا بڑے سرمائے سے زیادہ استاد کے علم، تدریسی انداز اور نتائج کی اہمیت ہوتی ہے۔ اگر طلبہ کے نتائج میں بہتری آئے تو والدین کا اعتماد بڑھے گا اور طلبہ کی تعداد بھی بڑھ سکتی ہے۔

ڈیجیٹل اور فری لانسنگ خدمات

نوجوانوں کے لیے ڈیجیٹل مہارتیں سیکھنا گھر سے آمدنی حاصل کرنے کا ایک اہم ذریعہ بن سکتا ہے۔ گرافک ڈیزائن، ویڈیو ایڈیٹنگ، ترجمہ، مواد نویسی، سی وی بنانا، سوشل میڈیا مینجمنٹ، ڈیٹا انٹری، ویب ڈیزائن اور ورچوئل اسسٹنٹ جیسی خدمات کمپیوٹر یا موبائل کے ذریعے فراہم کی جاسکتی ہیں۔ ابتدا میں ایک ہی مہارت کا انتخاب کر کے اس میں مکمل مہارت حاصل کرنا بہتر ہے۔ اس کے بعد مقامی دکانوں، اسکولوں، چھوٹے کاروباروں اور آن لائن گاہکوں کو خدمات پیش کی جاسکتی ہیں۔ مصنوعی ذہانت کے ٹولز کام کو تیز اور آسان بنا سکتے ہیں، لیکن معیار، تخلیقی صلاحیت اور گاہک کے ساتھ ایمانداری آج بھی بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔

نرسری، سبزیاں اور نامیاتی کھاد

سندھ اور پاکستان کے دیگر زرعی علاقوں میں گھر کی محدود جگہ کو استعمال کر کے پودوں اور باغبانی سے متعلق چھوٹا کاروبار شروع کیا جاسکتا ہے۔ پھولوں، سبزیوں اور سجاوٹی پودوں کے چھوٹے پودے تیار کر کے محلے، نرسریوں، کسانوں یا آن لائن گاہکوں کو فروخت کیے جاسکتے ہیں۔ گھر میں نامیاتی کھاد تیار کر کے باغبانی کرنے والے افراد کو بھی فراہم کی جاسکتی ہے۔ اگر جگہ زیادہ ہو تو کچن گارڈننگ کے ذریعے تازہ سبزیاں اگا کر فروخت کرنے کا کام بھی شروع کیا جاسکتا ہے۔ اس کاروبار میں سرمایہ نسبتاً کم لیکن صبر اور مسلسل دیکھ بھال ضروری ہے۔ اچھے پودے، مناسب قیمت اور گاہکوں کو پودوں کی دیکھ بھال کے بارے میں بنیادی معلومات فراہم کرنے سے مستقل خریدار پیدا کیے جاسکتے ہیں۔

خاندانی کاروبار: مشترکہ محنت، مشترکہ آمدنی

گھر سے کاروبار کرنے کا ایک مضبوط ماڈل خاندانی کاروبار ہوسکتا ہے، جس میں خاندان کے مختلف افراد اپنی صلاحیت کے مطابق کام تقسیم کرلیں۔ ایک فرد سامان خریدے، دوسرا پیداوار تیار کرے، تیسرا پیکنگ سنبھالے اور چوتھا واٹس ایپ یا فیس بک کے ذریعے گاہکوں سے رابطہ کرے۔ کھانے، کپڑوں، آن لائن فروخت یا ڈیجیٹل خدمات میں سے کسی ایک کو مل کر کاروبار کی شکل دی جاسکتی ہے۔ ابتدا میں سارا سرمایہ ایک ہی مرتبہ خرچ کرنے کے بجائے کچھ رقم کاروبار کے لیے اور کچھ ہنگامی ضرورت کے لیے محفوظ رکھنی چاہیے۔ ہر خرچ اور آمدنی کا باقاعدہ حساب رکھنا ضروری ہے۔ چھوٹی شروعات، درست منصوبہ بندی، معیار، ایمانداری اور مسلسل محنت سے گھر کا چھوٹا کام مستقبل میں مضبوط خاندانی کاروبار بن سکتا ہے۔

چھوٹی شروعات کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے دنیا کے معروف سرمایہ کار وارن بفیٹ کی زندگی بھی ایک بہترین مثال ہے۔ امریکہ کی معروف کاروباری شخصیت اور سرمایہ کار وارن بفیٹ کی کامیابی بھی ایک چھوٹی شروعات سے ہوئی۔ انہوں نے کم عمری میں اخبارات فروخت کرنے اور دیگر چھوٹے کاروباری کاموں سے اپنی کمائی کا آغاز کیا۔ بفیٹ نے اپنی آمدنی خرچ کرنے کے بجائے اسے بچانا اور دوبارہ کام میں لگانا سیکھا۔ آگے چل کر علم، بچت، سرمایہ کاری، صبر اور طویل مدتی سوچ ان کی کامیابی کی بنیاد بنے۔ ان کی زندگی سے یہ سبق ملتا ہے کہ کاروبار شروع کرنے کے لیے ضروری نہیں کہ آغاز ہی بڑے سرمائے سے کیا جائے

☆☆☆☆

پاکستان ہاکی، درست سمت کا سفر کب شروع ہوگا

چار مرتبہ عالمی کپ کا تاج سر پر سجانے والی؛ آٹھ مرتبہ ایشین گیمز کا طلائی تمغہ جیتنے والی؛ تین مرتبہ چیمپئنز ٹرافی کی فاتح، اور تین مرتبہ ایشیا کپ اپنے نام کرنے والی ٹیم، جب 2018 کے عالمی کپ میں ایک میچ بھی جیت نہ پائی۔ درجہ بندی میں بارہویں نمبر پر آئی، تو اس درجہ تک ہاکی کا پہنچنا ہاکی کے کسی شائق کے وہم وگمان میں بھی نہ تھا۔ کوئی یہ سوچ بھی

نہیں سکتا تھا کہ کبھی پاکستان ٹیم اپنے ملک کے قومی کھیل میں اس ہزیمت کا سامنا بھی کرسکتی ہے۔ پاکستان اس عالمی کپ منعقدہ بھارت میں اپنے گروپ میں کھیلے گئے تمام چار میچ ہار کر باہر ہوا۔ تب عوام کو یہ جھوٹی تسلی دی گئی، کہ اس تنزلی کے بعد اب دوبارہ بہتری کا سفر شروع ہوگا۔ ہاکی پر بھرپور توجہ دی جائے گی۔ پاکستان ہاکی ایک مرتبہ پھر وہی شان وشوکت دیکھے گی، جو کبھی اس کا خاصہ رہا ہے، لیکن وہ عظمت رفتہ کے خواب اتنا عرصہ گزرنے کے بعد بھی صرف خواب ہی ہیں؛ جن کی طرف حقیقت میں خاطر خواہ سفر ہوتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ ان تمام دعوؤں کے برعکس 2023 کے ورلڈکپ میں پاکستان ہاکی ٹیم کوالیفائی ہی نہیں کرسکی۔ وہ ٹورنامنٹ جو کبھی پاکستان کے نام کے بغیر ادھورا تصور ہوتا تھا، پاکستان کے بغیر کامیابی سے منعقد ہوا۔ ان تمام حقائق کو نظر انداز کرتے ہوئے پاکستان میں عوام کو طفل تسلیاں دیئے جانے کا سلسلہ جاری رہا۔ یہی دہرایا جاتا رہا کہ بہتری کی طرف ہماری توجہ ہے، لیکن حقیقت وہ ہوتی ہے جو میدان میں نظر آتی ہے۔ ان تمام سالوں میں کئے گئے تمام دعوؤں کا نچوڑ یہ رہا کہ پاکستان اس تمام عرصے کے دوران کھیلے گئے کسی ایک بھی ٹورنامنٹ کی ٹرافی نہیں جیت سکا۔ اس تمام عرصہ کے دوران پاکستان کی سب سے بہترین کارکردگی سلطان اذلان شاہ ٹورنامنٹ منعقدہ 2024 میں چاندی کا تمغہ حاصل کرنا رہی۔ باقی کسی ٹورنامنٹ میں کوئی قابل ذکر کارکردگی نہیں رہی۔ شکست کا ایک طویل سلسلہ تھا جو اس دوران جاری رہا۔ پاکستان کی خوش بختی اس عالمی کپ کے کوالیفائنگ مرحلے میں سیمی فائنل میں جاپان کو شکست دینا اب تک کی سب سے بڑی کامیابی رہی۔ جس کی وجہ سے اگست 2026 کے عالمی کپ منعقدہ بیلجیئم اور ہالینڈ میں ایک مرتبہ پھر شرکت کا موقع مل گیا۔

عالمی کپ میں شرکت تو قومی ٹیم کر رہی ہے، لیکن کامیابی سے عوام کی زیادہ امیدیں وابستہ نہیں ہیں۔ حالیہ رینکنگ میں ورلڈ نمبر بارہ ہونے سے اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے کہ ابھی تک ہاکی ٹیم کے حالات ویسے ہی دگرگوں ہیں۔

پہلا میچ عالمی نمبر دو انگلینڈ کے ساتھ کھیلا گیا۔ میچ دیکھ کر یقین ہوگیا، کہ ورلڈ کپ 2018 میں ناکامیوں کا سلسلہ جہاں منقطع ہوا تھا؛ وہ تا حال برقرار ہے۔ اس میچ میں انگلینڈ کے ہاتھوں ایک کے مقابلے میں چار گول سے شکست اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ میدان میں انگلینڈ کے سامنے بے بس نظر آئی قومی ٹیم کی کارکردگی انتہائی مایوس کن رہی۔ اس سے یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ گزشتہ آٹھ سالوں میں قومی ہاکی کا سفر تا حال وہیں پر منجمد ہو چکا ہے۔ اس میں کوئی بہتری نہیں آئی ہے۔

دوسرا میچ پاکستان، جو اس وقت دنیا میں بارہویں نمبر پر ہے، اور گروپ ڈی میں سب سے کمزور ٹیم ویلز، جو اس وقت عالمی ہاکی میں پندرہویں نمبر پر ہے کے درمیان منعقد ہوا۔ یہ میچ تین تین گول سے برابر رہا۔ یہ میچ ہمیں بتانے کے لئے کافی ہے کہ ہم اپنے سے کمزور حریف کا مقابلہ کرنے کی سکت بھی نہیں رکھتے ہیں۔ یہ اہم ترین میچ برابر کھیل کر پاکستان نے اپنے اگلے مرحلے میں جانے کے مواقع محدود کردیئے۔

گروپ کا آخری میچ پاکستان، روایتی حریف اور موجودہ عالمی درجہ چھ پر براجمان بھارت سے کھیلا۔ نتیجہ وہی رہا کہ پاکستان یہ میچ بھی تین کے مقابلے میں پانچ گول سے ہار گیا۔ یوں اس عالمی کپ میں بھی پاکستان اگلے مرحلے تک رسائی حاصل نہیں کرسکا۔ آٹھ سال کے بعد بھی محسوس یہی ہوا کہ ٹیم انہی حالات میں ہے۔ کچھ بہتری نہیں ہوئی ہے۔

اب پھر سے عوام کو طفل تسلیاں دی جائیں گی۔ پھر سے نئے خواب دکھائے جائیں گے۔ پھر بیانات شروع ہو جائیں گے، لیکن عملی طور پر میدان جو نتیجہ دکھائے گا وہی اصل ترقی کہلائے گی۔ فی الحال تو ہم الٹے قدم چل رہے ہیں۔ مزید کتنے سال وعدے حقیقت کا روپ دھاریں گے؛ کب ہاکی درست سمت کی طرف اپنے سفر کا آغاز کرے گی؛ کب تک عوام کو فتوحات کا سلسلہ دوبارہ شروع ہونے کا انتظار کرنا پڑے گا، یہ آنے والا وقت ہی بتائے گا۔

☆☆☆☆
☆☆

گاذر قبیلے کے ایوارڈ یافتہ محمد افضل گاذر

نام سے پہچانے جاتے ہیں گاذر کے سپوت
محنت ایمان اور خدمت ہے ان کا دستور

محمد افضل گاذر انچارج ضلعی مارکیٹنگ اینڈ سیلز ٹیم وہاڑی ہے محمد افضل گاذر فیلڈ کے شعبے میں ایک منفرد نام ہے جو کہ 1989 میں ایک ورکر کے طور پر ادارے سے منسلک ہوئے اور دن رات کام کر کے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا اور سیلز آفیسر کے عہدہ پر ترقی کر کے ضلعی مارکیٹنگ اینڈ سیلز ٹیم کے انچارج مقرر ہوئے اور ادارہ کے با اعتماد کارکن شمار کئے جاتے ہیں انہیں سوزوکی کاروں اور ٹریکٹرز کی فروخت کا جب بھی ٹارگٹ دیا گیا انہوں نے اسے پورا کیا ہے انہوں نے APV وین اور سوزوکی کی دیگر گاڑیوں کی مارکیٹنگ میں نمایاں کام کیا ہے بہاولنگر بہاولپور جھنگ کے اضلاع سمیت پورے جنوبی پنجاب میں گاڑیاں سیل کرنے کا اعزاز حاصل ہے جس کی بنا پر انہیں متعدد بار ایوارڈز اور کیش پرائز سے نوازا گیا اس وقت آپ آفٹر سیلز مینٹ کمیٹی کے بھی ممبر

ہیں سود خوروں کے خلاف بہترین سماجی خدمات انجام دینے پر روز نامہ خبریں کے چیف ایڈیٹر میاں امتنان شاہد اور اس وقت کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر جبکہ موجودہ چیف ایڈیٹر روز نامہ قوم ملتان میاں عبدالغفار کی جانب سے ملتان میں خصوصی شیلڈ سے بھی نوازا گیا

شاعر نے کیا خوب فرمایا ہے
قلم کی طاقت سے حق کی آواز بلند کرتے ہیں
گاذر کے بیٹے صحافت میں بھی مقام بلند کرتے ہیں

محمد افضل گاذر کرم پور میں روز نامہ خبریں کے نامہ نگار ہیں اور اس کے ساتھ صدر پریس کلب کرم پور کے عہدے پر فائز ہیں آپ نے صحافت کے میدان میں ہمیشہ سچ اور حق کا ساتھ دیا ہے اور علاقے کے مسائل کو اجاگر کر کے عوامی خدمت میں اہم کردار ادا کیا ہے آپ کی صحافتی خدمات کو گاذر برادری فخر سے یاد کرتی ہے گاذر برادری محنت ایمانداری اور خدمت کا دوسرا نام ہے جو اپنے خون پسینے

سے رزق حلال کماتی ہے اور معاشرے کی بھلائی کے لیے ہمیشہ پیش پیش رہتی ہے

گاذر کی شان اور صحافت کی آن ہیں محمد افضل
آپ نے نام روشن کیا برادری کا ہر محل
خدا کرے ترقی کی منزلیں اور بھی ملیں
گاذر فیملی کا نام رہے ہمیشہ بلند و بالا

☆☆☆☆

یوم ولادت انبیاء کی تیاریاں

عبدالوحید عباسی

ماہِ ربیع الاول کا چاند نظر آتے ہی ہر جگہ ہر مسلمان عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم ایک دوسرے کو ربیع الاول کے بابرکت مہینے کی مبارکباد دینے لگتا ہے۔ کیونکہ اس مقدس مہینے کی آمد کے ساتھ ہی ہر طرف خوشیاں پھیل جاتی ہیں اور پھول کھل اٹھتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت پر مسکراہٹیں، خوشیاں اور خوشی کے گیت گائے جاتے ہیں۔ جہاں حمد ونعت کی سعادتیں سنی جاتی ہیں، اسی طرح لاڑکانہ شہر میں بھی پیارے آقا و مولا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے یوم ولادت کے سلسلے میں مرکز دعوتِ اسلامی، فیضان مدینہ، درگاہ پیر مٹھا سائیں رحمتہ اللہ علیہ، مشوری شریف درگاہ، درگاہ حسین آباد، درگاہ پیر جو گوٹھ شاہ آباد اور دیگر درگاہوں خانقاہوں، گھروں، دکانوں، چوکوں، چوراہوں لجن پور چوک، نو ڈیرو چوک روڈ، مشہور دینی مدرسہ منظور الاسلام، جامع مسجد جامعہ لاہوری سرائی جان محمد جامع مسجد اور دیگر مساجد کو سبز جھنڈیوں سے سجایا گیا ہے، جبکہ عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے علاقوں کو خوبصورتی سے سبز سبز جھنڈیوں سے سجا دیا ہے، اس حوالے سے قدیم درگاہ پیر مٹھا سائیں رحمۃ اللہ علیہ کے سجادہ نشین پیر عبدالغفار جان نقشبندی نے بتایا کہ اس سال جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم انتہائی جوش وخروش سے منایا جائے گا۔ دوسری جانب سندھ کی مشہور درگاہ حسین آباد کے سجادہ نشین پیر سائیں سید عطاء اللہ شاہ بخاری حسینی نے بتایا کہ درگاہ حضرت سید غلام حسین شاہ بخاری نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کی جامع مسجد اور درگاہ کے پورے علاقے کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی خوشی میں سجایا گیا ہے۔ دریں اثناء عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بابرکت مہینے کی آمد کے موقع پر امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے ولادت کی تقریبات کے سلسلے میں مشہور درگاہ مشوری شریف کے سجادہ نشین پیر شفیع محمد مشوری، پروفیسر منظور احمد مشوری نے کہا ہے لجپال آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت خوب منانے کے انتظامات کئے جا رہے ہیں، اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتیں کہ ہمیں یتیموں کے یار، بے سہاروں کے سہارا، غمزدوں کے لجپال حضور سراپا نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت نصیب کی گھڑیاں نصیب ہو رہی ہیں۔ درگاہ مشوری شریف میں 107 جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم بھرپور انداز میں نہایت ادب و احترام سے منایا جا رہا ہے۔ اسی طرح درگاہ مشوری شریف کی روحانی بزرگ ہستی صاحبزادہ میاں منیر احمد مشوری، پیر سید محمد مصطفیٰ شاہ راشدی، پیر دیدہ دل غفاری، پیر حضور بخش صدیقی نقشبندی، اتحاد اہلسنت لاڑکانہ کے صدر مولانا منظور احمد نعیمی، مرکزی جماعت اہلسنت لاڑکانہ کے صدر مولانا بدر الدین سرھیہ نے کہا کہ ربیع الاول کے مقدس مہینے کی آمد آمد ہے، ہر طرف باغ و بہار ہو جاتی ہے اور ہر سچا پکا عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم اپنے عزیز و اقارب، دوست احباب کو آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد پر مبارکباد دینا شروع کر دیتا ہے۔ دریں اثناء دعوت اسلامی کے مرکز فیضان مدینہ کو یکم ربیع الاول سے شاندار انداز میں سبز ٹیوب لائٹس سے چراغاں کیا گیا ہے۔ جس کو دور دراز سے لوگ اپنے اہل خانہ کے ساتھ شاندار روشنیوں کو دیکھنے آتے ہیں اور دعوت اسلامی کی جانب سے ایسے چراغان روشنیوں کو خوب سراہا جاتا ہے۔ جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلے میں لاڑکانہ شہر کی جامع مسجد دڑی محلّہ خیر شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ میں یکم ربیع الاول سے بارہ ربیع الاول تک بارہ روزہ میلاد کی محافل کا انعقاد کیا جاتا ہے، جس میں مختلف موضوعات پر تقاریر کی جاتی ہیں۔ اس حوالے سے سندھ کے مشہور درگاہ حضرت پیر مٹھا سائیں رحمۃ اللہ علیہ کے سجادہ نشین پیر عبدالغفار جان نقشبندی نے کہا کہ جشن عید میلاد النبیؐ مغفرت اور بھلائی کا بابرکت مہینہ ہے۔ 12 ربیع الاول کا دن تمام دنوں کا بادشاہ ہے۔ جشن ولادت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر تمام خوشیاں قربان ہوں۔ اس دن کی وجہ سے پوری دنیا میں ایسا نور نمودار ہوا کہ کفر وشرک کے تمام بت منہ کے بل گر گئے۔ آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے ہمیں شفاعت نصیب ہوگی، دریں اثناء تحریک عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چیئرمین لاڑکانہ کے معروف عالم دین علامہ مولانا محمد سمیع قادری نے کہا کہ الحمدللہ! ہر سال کی طرح اس سال بھی تحریک عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یکم ربیع الاول سے 12 جولائی تک استقبال ربیع الاول کیمپ لاڑکانہ کے مرکزی علاقے جناح باغ چوک پر لگایا گیا ہے۔ جہاں پر تحریک عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے قائدین اور کارکنان صبح سے رات گئے تک کیمپ میں پہنچ کر ربیع الاول کے مقدس مہینے کے حوالے سے اپنی سرگرمیاں رکھتے ہیں اور ربیع الاول کو زیادہ سے زیادہ منانے کا عہد کرتے ہیں۔ اسی سلسلے میں ان کا کہنا ہے کہ جشن عید میلاد النبیؐ کے مقدس بابرکت موقع پر کسی صورت بھی غلطی سے بھی نہیں کوئی موسیقی، کوئی غیر شرعی معاملات نہیں ہونا چاہیے یہاں تک کہ کسی بھی جلوس ریلی میں کوئی خرافات والا معاملا نہیں ہونا چاہیے، غیر شرعی، موسیقی، آلات وغیرہ کوئی کرتا ہے تو اس کا جماعت اہلسنت عاشقان رسولؐ سے کوئی تعلق نہیں ہے، عشاقان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ادب احترام سے سبز سبز پرچم، جھنڈے لہراتے ہیں اور مہذب انداز سے سفید لباس میں ملبوس ہو کر عطر خوشبوء لگا کر عید سعید کی طرح خوشیاں مناتے ہیں، کیونکہ یہ اللہ کے پیارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ولادت کے مبارک دن کی بات ہے. جس کا احترام ہم سب پر لازم ہے. سرکارؐ کی آمد کے موقع پر جشن ولادت کا متبرک اور مبارک تبرک سب سے پہلے ادب و احترام کے ساتھ تعظیم کے ساتھ بیٹھا کر کھانا کھلایا جائے دیگر صورت اگر کوئی دینا چاہتا ہے تو پیکٹ پیکنگ میں صاف ستھرے ماحول میں ہاتھوں ہاتھ دینا چاہیے، خدارا مہربانی فرما کر کوئی بھی عرس مبارک جشن ولادت امام الانبیاء علیہ السلام کے موقع پر آقا و مولا حضرت محمد مصطفیؐ کے جشن منانے والا تبرک عمارت، گھروں کی چھتوں سے نیچے پھینک کر تبرک ولادت پاک اور اللہ تعالیٰ کی روزی کی توھین نہ کی جائے، اس طرح اکثر اوقات کھانا، ٹافیاں بسکٹ وغیرہ ادھر اودھر گر جاتے ہیں دوسری بات لاکھوں کی تعداد میں عوام کے اندر بچوں کی بدمزگی ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے، ہم کلمہ گو مسلمان ہیں اور ہم سب کا جو بھی عمل ہو وہ اللہ پاک رب العالمین کی رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ہونا چاہیے. دریں اثناء اتحاد اہلسنت لاڑکانہ کے صدر نامور عالم دین مولانا منظور علی نعیمی کی جانب سے کی گئی کوششوں سے سندھ کے مشہور و معروف درگاہ حضرت پیر مٹھا سائیں رحمت اللہ علیہ کے سجادہ نشین پیر سائیں عبدالغفار جان نقشبندی غفاری، جماعت اہلسنت کے رہنماء حافظ درمحمد کھڑو، حافظ شعیب احمد جونیجو، حافظ نالے مٹھا مشوری قاسمی، سینئر رائیٹر و کالم نگار عبدالفتاح عباسی اور ان کے دیگر ساتھیوں کی کاوشوں کوششوں سے سندھ کے سابق صوبائی داخلہ کے وزیر سہیل انور سیال کے نوجوان بھائی شاہ رخ سیال جو لاڑکانہ شہر کے سچل ٹاؤن کے چیئرمین بھی ہیں اور وہ لاڑکانہ کے اندر ایک عرصے سے شہری خدمات سرانجام دینے والے نوجوان سماجی سوشل ذہن رکھنے والے سیاسی شخصیت ہیں، انہوں نے جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر لاڑکانہ شہر کے اندر کراچی کے میئر مرتضی وہاب کی طرح تاجدار ختم نبوتؐ چوک کا افتتاح کرنے کا اعلان کیا ہے. وہ اب عمرہ شریف کی سعادت حاصل کرنے گیا ہے مگر واپسی پر سب سے پہلے وہ سعادت حاصل کریں گے، جبکہ اسی چوک کے نام رکھنے پر علاقے کے مکینوں، شہریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء اور سابق صوبائی وزیر داخلہ سھیل انور سیال کے بھائی شاہ رخ سیال کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے کہ تاجدار ختم نبوتؐ چوک وقت کی اہم ضرورت ہے.

،اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتیں کہ ہمیں یتیموں کے یار، بے سہاروں کے سہارا، غمزدوں کے لجپال حضور سراپا نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت نصیب کی گھڑیاں نصیب ہورہی ہیں۔ درگاہ مشوری شریف میں 107 جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم بھرپور انداز میں نہایت ادب واحترام سے منایا جارہا ہے

سرکارؐ کی آمد کے موقع پر جشن ولادت کا متبرک اور مبارک تبرک سب سے پہلے ادب واحترام کے ساتھ تعظیم کے ساتھ بیٹھا کر کھانا کھلایا جائے دیگر صورت اگر کوئی دینا چاہتا ہے تو پیکٹ پیکنگ میں صاف ستھرے ماحول میں ہاتھوں ہاتھ دینا چاہیے



بقیہ 1

کامرس، سیکریٹری فوڈ سیکیورٹی، چیئرمین سی ڈی اے اور وزارت خارجہ کے حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزیر اقتصادی امور احد چیمہ نے بتایا کہ سعودی وزیر ماحولیات و زراعت عبدالرحمٰن الفضلی جلد پاکستان کا دورہ کریں گے، ان کے دورے سے زرعی تجارت اور مشترکہ سرمایہ کاری کو بڑا فروغ ملے گا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ سعودی وفد نیشنل ایگریکلچر ریسرچ سینٹر کا دورہ کرے گا جہاں وفد کو زرعی تحقیقی پہلوؤں پر بریفنگ دی جائے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پاکستان اور سعودی عرب نے خوراک کے چار اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے جن میں گوشت، چاول، پروسیسڈ فوڈ اور حیوانی چارے کے شعبے شامل ہیں۔

بقیہ 2

پر مزید ملاقاتیں ہوں گی، امید ہے کہ اچھا آغاز ہو، اپوزیشن جماعتوں کی آل پارٹیز کانفرنس کیلئے بھی ماحول بنانا چاہیے۔ پیپلز پارٹی کو ساتھ ملانے کے سوال پر مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ پیپلز پارٹی حکومت میں ہے۔ صحافی نے سوال کیا کہ کیا سڑکوں پر بھی ساتھ دیں گے یا پارلیمنٹ میں، جس پر انہوں نے جواب دیا کہ ہم سورۃ فاتحہ پڑھتے ہیں اور آپ سورۃ الناس پر پہنچ جاتے ہیں۔ قبل ازیں میڈیا سے گفتگو میں مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ اگر میرے ہاتھ میں ہوتا تو اب تک بانی پی ٹی آئی کا علاج بھی ہو چکا ہوتا۔

بقیہ 3

بڑی مشکل صورتحال سے گزر رہا ہے، پاکستان بھی اس کا شکار ہے کیونکہ ہمارا ملک توانائی کا بڑا خریدار ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے جنگ شروع ہوتے ہی پی ایس ڈی پی پر کٹ لگا کر 128 ارب روپے فراہم کئے تھے تاکہ عوام کو یکدم آسمان سے باتیں کرتی پیٹرولیم کی قیمتوں سے بچایا جاسکے، حکومت نے عام آدمی کو بچانے کیلئے فوری اقدامات کئے، صوبوں نے بھی اس میں اپنا کردار ادا کیا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ آئندہ دنوں میں صورتحال بہتر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کاوشیں رنگ لائیں گی، ہم کوشش کر رہے ہیں کہ کشیدگی میں کمی آئے، حکومت نے اڑھائی سال میں معیشت کی بہتری کیلئے جو اقدامات کئے ہیں اس کے اثرات آہستہ آہستہ سامنے آرہے ہیں، امن کی صورتحال کا معمول پر آنا اس کیلئے ضروری ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے کل ریٹیلرز کیلئے ایپ کا آغاز کیا ہے اس سے امید ہے کہ تاجر برادری جن کی مشاورت سے اقدامات کئے گئے ہیں مطمئن ہوگی، ایف بی آر کو واضح ہدایات دی ہیں کہ تاجروں کی مشاورت سے منصوبہ بندی کی جائے اور انہیں اگر کسی نے تنگ کرنے کی کوشش کی تو وہ سزا کیلئے تیار رہے۔ انہوں نے اس سلسلے میں وزیرخزانہ اور وزیرمملکت برائے خزانہ اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ تاجروں کیلئے پہلی بار حکومت ایک اچھی سکیم لے کر آئی ہے

بقیہ 4

نمبر 4 کے وکیل ایمل خان کاکڑ کو تفصیل سے سنا گیا۔ فریقین کے وکلاء کے دلائل اور ریکارڈ کا جائزہ لینے کے بعد عدالت نے قرار دیا کہ ریکارڈ سے یہ امر سامنے آیا ہے کہ گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی سریاب روڈ کوئٹہ میں گزشتہ 22 برس سے کلاسز معطل ہیں۔ عدالت عالیہ نے تعلیمی سرگرمیوں کی اتنی طویل معطلی پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کسی تعلیمی ادارے کا مسلسل غیر فعال رہنا نہ صرف طلباء کیلئے مشکلات کا باعث ہے بلکہ ان کی تعلیم، مستقبل اور پیشہ ورانہ کیریئر کو بھی بری طرح متاثر کرتا ہے۔ عدالت نے اس امر پر بھی تشویش ظاہر کی کہ عوامی فنڈز سے قائم کیے گئے ادارے اور اس کے انفراسٹرکچر پر ہونے والے سرکاری اخراجات طویل عرصے تک ادارہ غیر فعال رہنے کی صورت میں ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔ عدالت نے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کو ہدایت کی کہ آئندہ سماعت پر سیکرٹری کالجز، ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، حکومت بلوچستان اور پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی سریاب روڈ کوئٹہ کی ذاتی حاضری یقینی بنائی جائے۔ عدالت نے متعلقہ حکام کو آئندہ سماعت پر ایک جامع رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا، جس میں گزشتہ 22 سال سے کلاسز کی معطلی کی وجوہات، تعلیمی سرگرمیوں کی بحالی کیلئے محکمہ کی جانب سے کیے گئے اقدامات اور ادارے کو دوبارہ فعال بنانے کیلئے آئندہ کا لائحہ عمل واضح کیا جائے۔ عدالت نے سیکرٹری سے کالج کی موجودہ صورتحال، تدریسی و غیر تدریسی عملے کی دستیابی، طلباء داخلوں، عمارت و بنیادی ڈھانچے، آلات اور دیگر ضروری سہولیات سے متعلق بھی تفصیلی معلومات طلب کرلی ہیں۔ عدالت نے مزید ہدایت کی کہ کلاسز کے دوبارہ اجراء کیلئے ایک واضح، قابل عمل اور مقررہ مدت پر مبنی منصوبہ بھی پیش کیا جائے۔

بقیہ 5

کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ اس طرز عمل سے دیگر قیدیوں کیلئے بھی نجی ہسپتالوں میں علاج کے دروازے کھل جائیں گے، جو ایک غلط نظیر ہوگی۔ انہوں نے زور دیا کہ انصاف کے تقاضے سب کیلئے برابر ہونے چاہییں، کسی ایک فرد کو خصوصی سہولت نہیں ملنی چاہیے۔ انہوں نے ماضی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ نواز شریف سمیت مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے ہمیشہ سرکاری اسپتالوں میں ہی علاج کروایا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ نواز شریف کے آپریشن کے دوران پی ٹی آئی کے ایک حامی ڈاکٹر کو موبائل سے ویڈیو بناتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا تھا۔ خواجہ آصف نے واضح کیا کہ اگر سپریم کورٹ کے فیصلے میں حکومت کا مؤقف شامل کرنے کی قانونی گنجائش ہوئی تو حکومت اسے ہر صورت رجسٹر کروائے گی۔

بقیہ 6

گوادر پرو کے مطابق مجوزہ منصوبے کے تحت منصوبے کی منظوری حاصل کرنے اور مطلوبہ فنڈز کا انتظام کرنے کی کوشش کی جائے گی تاکہ ضروری مالی وسائل فراہم کرکے پشکان فشنگ جیٹی میں گاد کی صفائی کا مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل کیا جاسکے اس سلسلے میں گوادر سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن اور گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمن خان نے پشکان فشنگ جیٹی کا ہنگامی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے جیٹی میں کشتیوں کی آمدورفت میں درپیش مشکلات، جاری ڈریجنگ کے کام اور جیٹی کی مستقل بحالی کے مجوزہ منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ رپورٹ کے مطابق جی ڈی اے کے چیف انجینئر حاجی سید محمد، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ و پی ڈی پشکان جیٹی شاہد علی، ایگزیکٹو انجینئر محمد اکبر بلوچ، ایم پی اے کے نمائندے، متعلقہ حکام، سیاسی و سماجی شخصیات اور ماہی گیر برادری کے نمائندے بھی اس موقع پر موجود تھے۔ دورے کے دوران ایم پی اے گوادر اور ڈی جی جی ڈی اے نے جیٹی کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور سمندری گاد جمع ہونے کے باعث بڑی کشتیوں کو واپسی کے دوران پیش آنے والی مشکلات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے جاری ڈریجنگ اور کھدائی کے کام کو تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کشتیوں کی واپسی کیلئے استعمال ہونے والے راستے کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل طور پر صاف کیا جائے

بقیہ 7

افراد جاں بحق اور 9 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق عمارت منہدم ہونے کے واقعے میں کوئی شخص ملبے تلے موجود نہیں تھا۔ جرندو نہر میں عمارت منہدم ہونے کے نتیجے میں 2 افراد متاثر ہوئے، جنہیں ریسکیو 1122 کی ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے محفوظ مقام پر منتقل کر دیا۔ اعظم آباد چوکی میں عمارت منہدم ہونے سے 5 افراد متاثر ہوئے، جنہیں ریسکیو 1122 نے کارروائی کرتے ہوئے محفوظ مقام پر منتقل کیا۔ آزاد خیل، ٹوپی کے علاقے میں عمارت منہدم ہونے کے نتیجے میں 4 افراد ملبے تلے پھنس گئے تھے، ریسکیو ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 2 افراد کو زندہ نکال لیا، جبکہ 2 افراد جاں بحق ہوئے۔ ریسکیو 1122 صوابی کی ٹیموں نے تمام مقامات پر بروقت رسپانس دیتے ہوئے امدادی کارروائیاں مکمل کیں

بقیہ 8

اسمبلی اور سینیٹ سے کثرت رائے سے منظور ہو گئے۔ جمعرات کو بل وزیر دفاع خواجہ آصف نے ضمنی ایجنڈے کے ذریعے پیش کیے، قبل ازیں قومی اسمبلی کے اجلاس میں ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ میں ترامیم کا بل پیش کیا گیا، اس دوران اپوزیشن نے واک آؤٹ کیا تاہم دونوں بل کثرت رائے سے منظور کرلیے گئے۔ اس سے پہلے وفاقی کابینہ نے ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 کے مسودے کی منظوری دی، مسودہ 27 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے کی گئی ترامیم کے سلسلے میں تیار کیا گیا۔ ایکٹ کا مقصد چیف آف ڈیفنس فورسز کے عہدے اور ہیڈکوارٹرز کے انتظامی امور کا تعین ہے، وفاقی کابینہ نے نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ میں ترمیم کی بھی منظوری دی۔

بقیہ 9

ذہن کی عکاس ہیں اور غیر انسانی نظریہ کی مظہر ہیں، عالمی برادری کی دہشت گردی کی بلا مشروط مذمت اور اسکے مکمل خاتمے کیلئے موثر باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ دہشت گردی کے متاثرین کی یاد اور اظہار عقیدت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان آج دنیا کے ساتھ ہم آواز ہوکر دہشتگردی کے متاثرین کی یاد میں مختص دن پر تمام متاثرین سے بھرپور انداز میں پُرخلوص اظہار یکجہتی اور خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی بنی نوع انسان کو درپیش سب سے سنگین مسئلہ ہے، انسانیت سے عاری عوامل ہی معصوم انسانوں کی جانوں سے اپنے مذموم مقاصد کے لئے کھیل سکتے ہیں، دہشت گردی کے متاثرین میں جاں بحق افراد کے لواحقین اور عمر بھر کے لئے زخمی ہوجانے والے افراد بھی ہمارے جذبہ ہمدردی کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے متاثرین میں سے ہے، نہ صرف ہماری نڈر افواج نے اس ناسور کے خلاف جنگ میں اپنی بیش قیمت جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے بلکہ ہمارے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے بہادر جوانوں اور افسران اور ہمارے معصوم شہریوں نے بھی جانیں قربان کی ہیں، ہم دہشت گردی کے واقعات میں تمام جاں بحق افراد، شہریوں اور سیکورٹی اہلکاروں کی بہادری کو سلام پیش کرتے ہیں

بقیہ 10

سے بھرپور اور فورٹیفائیڈ بنیادی غذائی اشیاء تک رسائی بڑھانے کیلئے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ زمیرا حیدر، سینئر نیشنل پروگرام منیجر، لارج اسکیل فوڈ فورٹیفیکیشن (LSFF) پاکستان، اور محمد سجاد، نیشنل پروگرام منیجر (ریگولیشن)، LSFF پاکستان بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ وفاقی وزیر نے اس امر پر زور دیا کہ غذائیت کے شعبے میں بہتر نتائج کیلئے وفاقی و صوبائی حکومتوں کے درمیان مضبوط رابطہ، پالیسیوں پر مؤثر عملدرآمد اور غذائی پروگراموں کا دائرہ کار وسیع کرنا ضروری ہے، بالخصوص دیہی اور پسماندہ علاقوں میں رہنے والی کمزور آبادی کیلئے۔ اجلاس کو نیوٹریشن انٹرنیشنل کی جانب سے بچوں کو وٹامن اے کی فراہمی، بچوں میں اسہال کے علاج کیلئے زنک اور اورل ری ہائیڈریشن سلوشن (ORS)، ماؤں اور نوعمروں کی غذائیت، آئرن اور فولک ایسڈ کی فراہمی اور نومولود بچوں کی نگہداشت کے حوالے سے تعاون پر بریفنگ دی گئی

بقیہ 11

منتقلی فیصلے پر نظر ثانی دوبارہ دائر کردی، عدالتی فیصلے سے چیزیں واضح ہوجائیں گی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ حکومت آئین اور قانون کی پابند ہے، اپیل کا فیصلہ آج کل میں آ جائے گا فیصلے سے چیزیں واضح ہوجائیں گی۔ انہوں نے کہا حکومت اس بات پر کلیئر ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے سے کریمنل جسٹس سسٹم متاثر ہوگا، سوال یہ ہے کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ ماتحت عدالتوں پر بائنڈنگ ہوتا ہے، کیا اس فیصلے کے بعد ہر قیدی کو پرائیویٹ ہسپتال منتقل کر دیا جائے گا؟ اس طرح تو پھر ماتحت عدالتوں کے پاس کوئی عذر ہی نہیں رہیگا۔

بقیہ 12

کہا کہ سب کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں، وزیرخزانہ اور ڈاکٹر توقیر کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، چیئرمین نادرا نے شاندار کام کیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ نئے بائیومیٹرک اور چہرے کا تصدیقی نظام انسانیت کی خدمت ہے، نئے نظام سے بزرگوں اور معذوروں کو آسانی ہوگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ نئے نظام سے پنشنرز کے بینکوں کے چکر ختم ہوجائیں گے، نادرا کی جانب سے جدید پنشن ایپ اور تصدیقی نظام مفت فراہم کیا گیا ہے۔

بقیہ 13

سے دہشتگردوں کو نشانہ بنایا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں جدید اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرلیا، دہشتگردوں سے 3 گاڑیاں، 2 موٹرسائیکل، آئی ای ڈی ڈیوائس، کالعدم تنظیم کا جھنڈا برآمد کیا گیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگرد لوٹ مار، اغوا، ٹارگٹ کلنگ، خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے۔

بقیہ 14

سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ جو آخری آئینی ترمیم ہوئی تھی آج اس کے مطابق قانون کو ڈھالا گیا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پورا بل آج پڑھ کر سنایا گیا ہے، اس میں عجلت والی کوئی چیز نہیں تھی۔ اس میں ایسی کوئی چیز نہیں تھی جس پر بحث ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کا کام ہے احتجاج کرنا وہ جس چیز پر چاہے احتجاج کریں، ان کی مرضی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن میرے لئے بڑے قابل احترام ہیں، بل کا مسودہ تمام لوگوں کے پاس موجود تھا۔

بقیہ 15

اصولی فیصلہ کرتے ہوئے سرکاری ملازمین کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی بھی کڑی نگرانی شروع کردی ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت کی جانب سے نئے سول سرونٹس کنڈکٹ رولز 2026ء پر سختی سے عملدرآمد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے تحت سرکاری افسران کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس بھی نئے رولز کے دائرے میں آگئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق حکومت مخالف سرگرمیوں یا بیانیہ کی تشہیر میں ملوث سرکاری ملازمین کیخلاف کارروائی ہوگی جبکہ گمنام یا فرضی اکاؤنٹ سے حکومت یا اداروں کو بدنام کرنے والوں کو بھی نہیں چھوڑا جائے گا

بقیہ 16

اور ہادی چٹھہ کی سزا معطلی کی اپیلوں پر سماعت کی، دوران سماعت جسٹس نعیم اختر افغان نے استفسار کیا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں چھٹیاں کب تک ہیں؟ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے بتایا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ 6 ستمبر سے باضابطہ کام کا آغاز کرے گی، ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے موقف اختیار کیا کہ سزا معطلی کی اپیلیں قابل سماعت نہیں ہیں۔ جسٹس اشتیاق ابراہیم نے استفسار کیا کہ ناقابل سماعت ہونے کا قانون میں کہاں لکھا ہے؟ وکیل فیصل صدیقی نے عدالت کو بتایا کہ سپریم کورٹ نے دو ہفتے میں سزا معطلی کی اپیلوں پر فیصلے کا حکم دیا تھا، تاہم سپریم کورٹ کے حکم پر عملدرآمد نہیں کیا گیا، ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کا اپنا سسٹم ہے، اسی کے مطابق مقدمات مقرر ہوتے ہیں۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیئے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے سسٹم پر ہم سے کوئی رائے نہ ہی لیں تو بہتر ہے، فیصل صدیقی نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں اچانک 8 ستمبر کیلئے کیس مقرر ہوگیا ہے، جب بھی سپریم کورٹ فیصلہ کرنے لگتی ہے، ہائیکورٹ میں کیس مقرر ہوجاتا ہے۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے کہا کہ فیصل صدیقی صاحب، سسٹم کو پورا ایکسپوز ہونے دیں

بقیہ 17

کئی طرح کی صورتحال جاری ہے، مہنگائی نے عوام کو بری طرح متاثر کر رکھا ہے اور ہر شعبے میں مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ حکومت کا نظام عوام کو ڈیلیور نہیں کر رہا۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی ایک بھتہ ٹیکس ہے، ہر لیٹر پر 80 روپے ایسا ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے جس کا کوئی جواز نہیں۔ لیوی کا مقصد ریفائنریز کو اپ گریڈ کرنا تھا، تاہم 8 ہزار ارب روپے سے زائد لیوی کے نام پر عوام سے جمع کیے گئے لیکن ریفائنریوں کی اپ گریڈیشن پر 100 ارب روپے بھی خرچ نہیں کیے گئے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پشاور میں جماعت اسلامی کا بڑا دھرنا جاری ہے اور ہر گزرتے دن کے ساتھ دھرنے میں عوام کی شرکت بڑھ رہی ہے۔ تاجر، علما، نوجوان اور سول سوسائٹی کے افراد بھی دھرنوں میں شریک ہیں، جو عوام کے مسائل حل کرنے کا ذریعہ بن رہے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ حکومت اگر پیچھے نہیں ہٹی تو دھرنوں کو پورے ملک میں پھیلائیں گے۔ لیوی کا خاتمہ ہماری انا نہیں بلکہ عوام کا مسئلہ ہے، وزیراعظم 30 روپے نہیں بلکہ 130 روپے پیٹرول کی قیمت کم کریں

بقیہ 18

میں ضمنی ایجنڈا پیش کیا گیا، ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ ترمیمی بل 2026 ایوان میں پیش کیے گئے۔ اپوزیشن نے ضمنی ایجنڈے کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں بل کی کاپیاں نہیں دی گئیں۔ عالیہ کامران نے کہا کہ ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرنا سیکھیں، وزیر قانون نے کہا بل اراکین کے ٹیب میں موجود ہے۔ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہم اس پارلیمنٹ کے ممبر ہیں، ہم جانتے ہیں قانون سازی ہو، بل آپ لے کر دیں، ساتھی پڑھ لیں گے اور اپنی رائے دیں گے، کم از کم دو تین دن رکھیں اس پر بحث ہو۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو آسمان کا مسئلہ بنا دیا ہے، بدترین کریمنل کا حق ہوتا ہے کہ اس کی صحت کا خیال رکھا جائے۔ اسی دوران نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ ترمیمی بل 2026 منظوری کیلئے پیش کیا گیا جسے کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا۔ اپوزیشن نے ووٹنگ کے عمل کا بائیکاٹ کیا۔ ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 بھی قومی اسمبلی سے منظور کرلیا گیا۔ اپوزیشن نے ووٹ کے عمل کا بائیکاٹ کرتے ہوئے ایوان سے احتجاجاً واک آؤٹ کیا۔ قومی اسمبلی کے بعد سینیٹ اجلاس میں نیشنل کمانڈ اتھارٹی ترمیمی بل 2026 کرنے کی تحریک پیش کی گئی۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے تحاریک پیش کیں۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ بل پر بحث کرنے کی اجازت دی جائے، چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ رولز معطل ہوئے ہیں، اجازت دی گئی تھی۔ پی ٹی آئی ارکان نے حکومتی سینیٹرز سے سوال کیا کہ کیا آپ نے بل پڑھا ہے۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ میرے چچا جنہوں نے یہ بل پیش کیا، ان سے کہتا ہوں ہم تو مار کھا رہے ہیں شروع سے، ان بلوں کی مار بعد میں بھی کھائیں گے، ایک شخص کیلئے قانون سازی نہیں ہونی چاہئے، جن کو نشان عبرت بنانا چاہیئے ان کو نشان امتیاز دیا گیا۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ اگر یہ اتنا بہترین قانون ہے تو چھپ کر کیوں ہو رہا ہے، وزارت کے عہدے ہوں یا آئینی ہوں وہ ذمہ داری والے عہدے ہیں، آپ دونوں جماعتیں جمہوریت کے تابوت میں کیل ٹھونک رہے ہو، قوم کو تباہ نہ کریں، جو صوبے بنانے کی کیمپین تھے وہ کہاں گئے، نئے صوبے کے شوشے پر سینیٹ میں بحث ہونی چاہئے، قوموں کو غلام بنا کر آپ نہیں رکھ سکتے۔

بقیہ 19

پالیسیوں اور سرمایہ کاری میں اضافے کے ذریعے ماہی گیری کے شعبے کی استعداد سے فائدہ اٹھا کر سالانہ 10 ارب ڈالر تک کی آمدن حاصل کرنا ہے۔ وفاقی وزیر نے وزارت بحری امور اور اس کے ماتحت اداروں کی کارکردگی، پیش رفت اور کامیابیوں کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کی۔ وفاقی وزیر نے بحری شعبے میں کاروبار کیلئے آسانیاں پیدا کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ طریقہ کار کو سادہ بنایا جائے اور کاروباری برادری سمیت متعلقہ سٹیک ہولڈرز سے بامعنی مشاورت یقینی بنائی جائے

بقیہ 20

پولیس کے مطابق ضلع کچھی کے علاقے پولیس تھانہ ڈھن کی حدود گوٹھ دلادار ابڑو میں نامعلوم مسلح افراد نے جاموٹ قبیلے کے سرکردہ رہنما میر شفیع محمد ابڑو کے مہمان خانے پر حملہ کردیا اور فائرنگ کی جوابی کارروائی کے بعد ملزمان فرار ہوگئے جبکہ ملزمان نے 2 ویگو گاڑیوں کو آگ لگادی جس سے گاڑیاں جل کر خاکستر ہوگئیں تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ واقعہ کے بعد مقامی قبائل اور پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی۔

بقیہ 21

صوبائی وزیر سے عملی اقدامات کی درخواست کی، جبکہ اس موقع پر علاقے کی مجموعی صورتحال، عوامی مشکلات اور ترقیاتی وفلاحی امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران ایک مریض کی جانب سے آپریشن کیلئے مالی معاونت کی درخواست بھی پیش کی گئی، جس پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ مریض کے آپریشن کے اخراجات فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت اور مستحق افراد کی بروقت مدد ان کی ترجیحات میں شامل ہے اور عوام کو مشکل کی گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے وفود کے مسائل اور گزارشات کو غور سے سنا اور یقین دلایا کہ عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور دور دراز علاقوں کے عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کے بروقت حل کیلئے سنجیدہ اور عملی اقدامات اٹھا رہی ہے

بقیہ 22

کیانی نے کہا ہے کہ حکومت نے گزشتہ ڈھائی سال کے دوران معاشی استحکام کے حصول کیلئے نمایاں پیشرفت کی ہے، غیرملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا ہے جبکہ کاروباری ماحول کو مزید بہتر بنانے اور پالیسیوں میں تسلسل برقرار رکھنے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ جمعرات کو سینیٹ میں تحریری سوالات کے جوابات دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کاروباری طبقے اور سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2026 کے اعداد و شمار کو بھی اپ ڈیٹ کیا گیا ہے جن کے مطابق 21 غیر ملکی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئی ہیں جبکہ مقامی کمپنیوں اور مقامی صارفین کی رجسٹریشن کی تعداد 42,505 ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سے بعض کمپنیوں کے انخلا کو مجموعی معاشی صورتحال کے تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے تاہم متعدد بین الاقوامی کمپنیاں پاکستان میں داخل ہوئی ہیں یا اپنی سرمایہ کاری اور آپریشنز میں توسیع کر رہی ہیں۔ ان میں ڈی وائی ڈی، آرامکو، واپے، علی بابا گروپ اور اے ڈی پورٹس سمیت دیگر کمپنیاں شامل ہیں۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ گوگل نے بھی حال ہی میں پاکستان میں اپنا دفتر قائم کیا ہے، حکومت کی کوشش ہے کہ بین الاقوامی کمپنیوں کے ساتھ تعاون کو دفتر کے قیام تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ ان کی سرمایہ کاری اور سرگرمیوں کو مزید وسعت دی جائے

بقیہ 23

بعدازاں دونوں پولیس اہلکاروں کو چھوڑ دیا۔ واقعہ کے بعد پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور پورے علاقے کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

بقیہ 24

ختم کرنے کی وجوہات معلوم کی جائیں۔ انہوں نے بتایا کہ کمپنی نے گزشتہ سال جون یا جولائی کے قریب پاکستان سٹاک ایکسچینج کو باضابطہ طور پر اپنے انخلا کے ارادے سے آگاہ کیا تھا تاہم ابھی تک انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کو اس حوالے سے باضابطہ خط نہیں لکھا گیا۔ ہارون اختر خان نے بتایا کہ کمپنی نے انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ سے تقریباً پانچ ہزار موٹرسائیکلوں کی فروخت کی اجازت مانگی تھی جو اسے دے دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ کمپنیوں کے کاروباری فیصلے عموماً ان کا ذاتی معاملہ ہوتے ہیں

بقیہ 25

سوالات کے دوران رکن قومی اسمبلی محمد الیاس چوہدری کی جانب سے وزارت بین الصوبائی رابطہ سے متعلق پوچھے گئے سوال کا جواب موصول نہ ہونے اور متعلقہ وزارت کے افسران کی ایوان میں عدم موجودگی پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ جمعرات کو اسپیکر قومی اسمبلی نے وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور وفاقی وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ سے استفسار کیا کہ وزارت بین الصوبائی رابطہ سے متعلق مذکورہ سوال کا جواب گزشتہ چار اجلاسوں سے ایوان کو کیوں فراہم نہیں کیا گیا۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ مذکورہ سوال قومی اسمبلی کے 26 ویں اجلاس میں پوچھا گیا تھا، تاہم متعدد اجلاس گزرنے کے باوجود اس کا جواب تاحال ایوان کو موصول نہیں ہوا، جو پارلیمانی کارروائی کے حوالے سے قابل تشویش امر ہے۔

بقیہ 26

کے صدر کے سیکریٹری کے شنگھائی میں شین لیان بائیومیڈیکل کے دورے کے موقع پر طے پایا۔ اس موقع پر دونوں جانب سے گوادر میں مشترکہ حیوانی ویکسین لیبارٹری کے قیام کے منصوبے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گوادر پرو سے گفتگو کرتے ہوئے شین لیان بائیومیڈیکل کے اوورسیز بزنس ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ جیمز شین نے بتایا کہ تین سالہ معاہدے کے تحت لمپی منہ کھر کی بیماری کی ویکسین، تکنیکی معاونت اور ضوابط کی تکمیل میں معاونت فراہم کریگی جبکہ گوادر چیمبر علاقائی مارکیٹ کی ترقی، مقامی وسائل کے حصول اور متعلقہ حکام سے رابطہ کاری میں تعاون کرے گا۔ سائنو فارما پرائیویٹ لمیٹڈ، جسے سیلر فارم کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، خطے کیلئے خصوصی کمرشل ایجنٹ کے طور پر کام کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ابتدائی طور پر تعاون کا مرکز مویشیوں، بھیڑوں، بیف کیٹل اور دودھ دینے والے مویشیوں کیلئے جنوبی افریقہ ٹائپ ون منہ کھر کی بیماری کی ویکسین کی فراہمی اور اس کی مارکیٹ کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ گوادر چیمبر اپنی مقامی صنعتی، تجارتی اور لائیوسٹاک شعبے سے وابستہ نیٹ ورک کو استعمال کرتے ہوئے مارکیٹ میں تشہیر، تقسیم کے چینلز کی ترقی اور صارفین تک رسائی میں معاونت کرے گا۔ چیمبر مقامی زراعت و لائیوسٹاک حکام اور دیگر متعلقہ ریگولیٹری اداروں سے رابطے میں بھی تعاون کرے گا تاکہ مصنوعات کی رجسٹریشن اور مارکیٹ تک رسائی کو آسان بنایا جاسکے۔ معاہدے کے مطابق تجارتی تشہیر اور فروخت شروع کرنے سے قبل مطلوبہ رجسٹریشن اور مارکیٹ تک رسائی کی منظوری حاصل کرنا اولین ترجیح ہوگی۔ تینوں فریق طلب کے رجحانات، مسابقتی قیمتوں اور ٹینڈرز سے متعلق تازہ معلومات سمیت مارکیٹ سے متعلق معلومات کا باہمی تبادلہ بھی کریں گے

بقیہ 27

افسران نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے نئے تعینات ججز اور لا افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ انصاف کی فراہمی میں وکلاء کا کردار ناگزیر ہے، جبکہ بار اور بینچ عدالتی نظام کے بنیادی ستون ہیں۔ دونوں اداروں کے درمیان باہمی احترام، تعاون اور اعتماد ہی مؤثر نظام انصاف کی ضمانت ہے۔ چیف جسٹس نے عدالتوں میں غیر ضروری رش اور غیر متعلقہ افراد کی آمد سے گریز کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ صرف متعلقہ مقدمات سے وابستہ افراد ہی عدالتوں میں آئیں۔ سوشل میڈیا کے ذریعے لوگوں کو غیر ضروری طور پر عدالت میں جمع کرنے کی مہم سے بھی اجتناب کیا جائے، کیونکہ اس سے نہ صرف عدالتی امور متاثر ہوتے ہیں بلکہ سیکورٹی کے مسائل بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے وکلاء سے اپیل کی کہ عدالت کے سیکورٹی عملے اور پولیس اہلکاروں کے ساتھ تعاون اور احترام سے پیش آئیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکورٹی اہلکار وکلاء، ججز اور سائلین کی حفاظت کے لیے سخت حالات میں فرائض انجام دے رہے ہیں، اس لیے ان کے ساتھ غیر ضروری تنازعات سے گریز کیا جائے

بقیہ 28

قریب گڑھی خیرو کے علاقے میں زرعی پانی کے تنازعے پر جمالی قبیلے کے دو گروہوں میں فائرنگ کے تبادلے میں ایک شخص ذوالفقار علی بنگلانی جمالی موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا پولیس نے موقع پر پہنچ کر حالات پر قابو پالیا اور نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور مزید کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 29

سوئی پولیس تھانے کی حدود نجو صفاری شاخ نمبر آٹھ کے مقام پر زیر زمین دفن بارودی سرنگ پر موٹر سائیکل چڑھنے کے باعث دھماکہ رشید بگٹی موقع پر ہی جاں بحق موٹر سائیکل تباہ ہوگئی واقعے کی اطلاع پر پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیر اور کر کے سرچ آپریشن شروع کردیا

بقیہ 30

لانے کیلئے ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کے اقدامات کو سراہتے ہوئے ان کی فعال اور عوام دوست انتظامی کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیا ہے عوامی حلقوں کے مطابق ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی مؤثر نگرانی، متحرک قیادت اور عوامی مفاد کو ترجیح دینے والے اقدامات سے ضلع میں شفافیت، جوابدہی، ادارہ جاتی نظم و نسق اور عوامی سہولیات کی بہتری کو فروغ مل رہا ہے۔ غیر سرکاری اداروں کا ریکارڈ طلب کرنا اور غیر رجسٹرڈ تنظیموں کو قانونی تقاضے پورے کرنے کی ہدایت اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے

بقیہ 31

مہارتوں کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں اور انسانی وسائل کی ترقی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ اور محترمہ زہرا ڈمُرت سلجوق نے ایک دوسرے کی خدمات اور کاوشوں کو سراہا اور او آئی سی ممالک میں اقتصادی ترقی اور باہمی تعاون کے فروغ کیلئے ان کے کردار کو قابل قدر قرار دیا۔ دونوں جانب سے مشترکہ مقاصد کو عملی سرمایہ کاری اور معاشی شراکت داریوں میں تبدیل کرنے کیلئے مضبوط ادارہ جاتی روابط استوار کرنے کی خواہش کا اظہار کیا گیا۔ وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے او آئی سی ممالک کے درمیان سرمایہ کاری کے تعاون کو مزید وسعت دینے کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ رکن ممالک کی مشترکہ معاشی طاقت، وسائل، منڈیاں اور انسانی سرمایہ باہمی مفاد پر مبنی سرمایہ کاری شراکت داریوں کے وسیع مواقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان برادر اسلامی ممالک کے ساتھ معاشی روابط کو مزید مضبوط بنانے اور سرحد پار سرمایہ کاری، مشترکہ منصوبوں، کاروباری اداروں کے درمیان روابط اور ٹیکنالوجی کی شراکت داریوں کو فروغ دینے کا خواہاں ہے

بقیہ 32

و محرکات، ذمہ داریوں کا تعین، سیکیورٹی انتظامات، پولیس کی تیاری، انسداد دہشت گردی کے اقدامات اور واقعے سے متعلق دیگر اہم امور شامل ہیں۔ کمیشن کا بنیادی مقصد واقعے کے حقائق کو مکمل طور پر سامنے لانا، ذمہ داریوں کا تعین کرنا اور مستقبل میں اس نوعیت کے واقعات کی روک تھام کیلئے مؤثر سفارشات مرتب کرنا ہے۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ معاملہ انتہائی حساس نوعیت کا ہے، لہٰذا کسی بھی قسم کی قیاس آرائی، غیر مصدقہ معلومات، افواہوں یا قبل از وقت رائے کے اظہار سے گریز کیا جائے۔ تحقیقاتی کمیشن اپنی کارروائی دستیاب ریکارڈ، دستاویزات، شواہد اور قانونی و تحقیقاتی اصولوں کے مطابق مکمل کرے گا، جبکہ حتمی نتائج اور سفارشات کمیشن کی رپورٹ میں سامنے لائی جائیں گی۔ کمیشن نے عوام، متعلقہ اداروں اور تمام افراد سے اپیل کی ہے کہ وہ تحقیقات میں مکمل تعاون کرتے ہوئے درست معلومات، شواہد اور متعلقہ دستاویزات کمیشن کے سامنے پیش کریں

بقیہ 33

دوست ممالک کے ساتھ تجارتی اور اقتصادی شراکت داری کو تیز کرنے کے طریقوں پر غور کیا گیا، مارکیٹ تک رسائی میں بہتری، برآمدی کارکردگی میں اضافہ اور متعلقہ فریقوں کے درمیان موثر رابطہ کاری کا بھی جائزہ لیا گیا۔ نائب وزیراعظم نے جی ایس پی پلس فریم ورک کے تحت کیے گئے وعدوں اور کنونشنز پر موثر عملدرآمد پر زور دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ پاکستان کی تجارت اور برآمدی کارکردگی بڑھانے کو ترجیح دی جائے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ طے شدہ اقدامات پر بروقت عملدرآمد یقینی، رابطہ کاری کو مزید موثر بنایا جائے۔

بقیہ 34

یقینی بنانے کی ہدایت جاری کردی۔ جمعرات کو وزیراعظم کی زیرصدارت اجلاس میں وزیرداخلہ محسن نقوی، چاروں صوبوں کے آئی جیز اور متعلقہ حکام شریک ہوئے۔ وزیراعظم کو ملک کی داخلی سیکیورٹی کی صورتحال پر بریفنگ دی گئی جبکہ ملک میں امن وامان کی صورت حال کا جائزہ بھی لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے داخلی سیکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 35

کو وسیع تر قومی تناظر میں حل کرنے کی سنجیدہ کوشش ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ملاقات کے دوران بلوچستان میں بہت جلد امن قائم کرنے اور بلوچ شہریوں کے تمام مسائل حل کرنے کی یقین دہانی انتہائی اطمینان بخش ہے۔ بلوچستان میں پائیدار امن کے ساتھ ساتھ روزگار، تعلیم، ترقی، سیاسی نمائندگی، انصاف اور عوامی اعتماد کے مسائل بھی یکساں اہمیت رکھتے ہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ریاستی قیادت کی جانب سے بلوچستان کے سیاسی، قبائلی اور سماجی حلقوں سے براہ راست رابطوں میں اضافہ ایک مثبت اور ضروری اقدام ہے۔ اس ملاقات کا سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ بلوچ عمائدین کو اعلیٰ سطح پر اپنی شکایات، تحفظات اور تجاویز براہ راست پیش کرنے کا موقع ملا۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی اور سیاسی قیادت ریاستی اداروں اور حکومت کے درمیان اعتماد سازی کا مؤثر پل بن سکتی ہے۔ اگر مقامی قیادت اور عوام کو امن کے عمل میں مؤثر شراکت دار بنایا جائے تو شدت پسندی کے خلاف کوششوں میں مقامی تعاون بھی مزید بڑھ سکتا ہے۔ تاہم اس اعتماد کو صرف اعلانات سے نہیں بلکہ عملی اور قابل پیمائش اقدامات سے مستحکم کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سیاست دانوں کیلئے بھی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ہونے والی یہ ملاقات ایک اہم پیغام رکھتی ہے۔ اگر امن و امان، نوجوانوں کے روزگار، تعلیم، صحت، ترقیاتی منصوبوں اور بلوچستان کے وسائل میں صوبے کے جائز حق جیسے معاملات پر عملی پیش رفت ہوتی ہے تو سیاسی قوتوں کیلئے مفاہمت اور تعاون کی سیاست کو مضبوط بنانا آسان ہوگا۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے کہا کہ بلوچستان کو صرف سکیورٹی کے زاویے سے دیکھنے کے بجائے اس کے سیاسی، معاشی، سماجی اور انسانی مسائل کو ایک مجموعے کے طور پر حل کرنا ہوگا

بقیہ 36

عوام کے سلگتے اجتماعی قومی مسائل حل کرنے پر مجبور ہوں گے۔ دھرنوں سے توجہ ہٹانے کیلئے بھی بہت کچھ ہو رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں مختلف وفود و ایس ایس پی گوادر سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔ ملاقات میں امن وامان اور منشیات کے خلاف کارروائی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے پشکان میں مبینہ ڈیتھ اسکواڈ کے خلاف مؤثر کارروائی کرنے پر زور دیا اور کہا کہ علاقے میں امن وامان کے قیام کیلئے قانون کے مطابق ضروری اقدامات کیے جائیں

بقیہ 37

زیر اہتمام انٹرنیشنل ایس ایم ایز ایکسیلینس ایوارڈز 2026 کی اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے راولپنڈی چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کو شاندار تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے صدر سردار ثاقب نسیم اور چیئرمین ایوارڈ کمیٹی محمد رؤف راجہ کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری افراد اور اداروں کی محنت، جدت اور عزم کو سراہنا نہ صرف ان کی حوصلہ افزائی ہے بلکہ دیگر نوجوانوں اور کاروباری افراد کیلئے بھی مشعل راہ ہے۔ سیدال خان نے کہا کہ پاکستان میں تقریباً 71 لاکھ 40 ہزار مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائزز کام کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ایک چھوٹے کاروبار کو مضبوط کرنا دراصل ایک خاندان، ایک کمیونٹی اور ملک کے معاشی مستقبل کو مضبوط کرنا ہے۔ پاکستان کو ایسے نوجوانوں کی ضرورت ہے جو صرف ملازمت کے متلاشی نہ ہوں بلکہ روزگار پیدا کرنے والے بھی بنیں۔ ایک کامیاب کاروباری شخص اپنے لیے آمدنی کے ساتھ ساتھ دوسروں کیلئے بھی روزگار کے مواقع پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا سب سے بڑا سرمایہ ہیں، تاہم ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کیلئے تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر، سرمایہ، ٹیکنالوجی، تربیت، رہنمائی اور مارکیٹ تک رسائی بھی ضروری ہے۔ نوجوانوں کو یہ اعتماد دینا ہوگا کہ وہ اپنے آئیڈیاز کو کامیاب کاروبار، اداروں اور بین الاقوامی برانڈز میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ سیدال خان نے ایس ایم ایز کو درپیش مالی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ آسان اور کم لاگت مالی وسائل تک رسائی ایک اہم چیلنج ہے۔ حکومت کی جانب سے ایس ایم ای فنانسنگ اور مالی شمولیت کے فروغ کیلئے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ 2026-28 ایکسس ٹو فنانس پلان میں بھی ایس ایم ایز سمیت ترجیحی شعبوں کیلئے آسان اور قابل برداشت قرضوں تک رسائی بڑھانے پر توجہ دی گئی ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے خواتین کی معاشی شمولیت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ خواتین کاروباری افراد کو مالی وسائل، تربیت، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور مقامی و عالمی منڈیوں تک بہتر رسائی فراہم کرنا ہوگی۔ خواتین کی معاشی شمولیت کے بغیر پاکستان کی مکمل معاشی ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ایس ایم ایز کو صرف مقامی مارکیٹ تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ ای کامرس، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی معیار کی مصنوعات کے ذریعے بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنی چاہیے۔ ایس ایم ایز عالمی ویلیو چینز کا حصہ بنا کر پاکستان کیلئے زرمبادلہ، روزگار اور معاشی ترقی کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں

بقیہ 38

قانونی قبضوں سے متعلق امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اصل پلاٹ مالکان کے حقوق کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے اور تمام معاملات کو قانون، ضابطے اور دستیاب ریکارڈ کی روشنی میں شفاف انداز میں حل کیا جائے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم میں موجود تمام ناجائز تجاوزات اور غیر قانونی قبضوں کا خاتمہ کرتے ہوئے قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد پلاٹ ان کے اصل اور حقدار مالکان کے حوالے کیے جائیں گے۔

بقیہ 39

میں مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے پشکان میں مبینہ مسلح گروہوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق مؤثر کارروائی اور ضلع بھر میں منشیات کے خلاف بلاامتیاز آپریشن تیز کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے لیویز فورس سے پولیس میں انضمام کے دوران غیر حاضر رہنے والے اور بعد ازاں برطرف اہلکاروں کے معاملات کا قانون وضابطے کے مطابق جائزہ لینے پر تبادلہ خیال کیا جبکہ رکن صوبائی اسمبلی نے واپڈا حکام سے ملاقات میں ضلع گوادر کے مختلف علاقوں میں خستہ حال بجلی کی تاروں کی تبدیلی، نئے ٹرانسفارمرز کی فراہمی و تنصیب اور بجلی کے مسائل کے فوری حل پر زور دیا گیا۔ بعد ازاں رکن اسمبلی نے گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول گوادر کے دورے پر اسکول کے مختلف کلاس رومز اور تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا

بقیہ 40

حاضر پائے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے حاضری کے ریکارڈ کا بھی جائزہ لیا تو اٹینڈنس رجسٹر فعال نہ ہونے پر سخت تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری دفاتر میں ملازمین کی بروقت حاضری اور ذمہ داریوں کی انجام دہی کسی صورت نظرانداز نہیں کی جاسکتی، کیونکہ سرکاری اداروں کی کارکردگی براہ راست عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور خدمات سے وابستہ ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ایم ایم ڈی کے انفراسٹرکچر کا بھی معائنہ کیا اور ادارے میں موجود مشینری و دیگر وسائل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے مشینری کی خستہ حالی اور ادارے کی مجموعی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم ایم ڈی کے نظام میں مؤثر اصلاحات اور انتظامی بہتری کی اشد ضرورت ہے۔ ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ نے کہا کہ اداروں کی فعالیت، ملازمین کی حاضری، سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال اور عوامی خدمت ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں

بقیہ 41

اتھارٹی (BCRA) سے رجسٹریشن کا عمل فوری شروع کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر کی جانب سے جاری اعلامیہ میں متعلقہ اداروں سے تنظیمی حیثیت، جاری و مجوزہ منصوبوں، سرگرمیوں، عملے، مستفید ہونے والے افراد و علاقوں، فوکل پرسن اور مؤثر NOCs و دیگر اجازت ناموں سمیت مکمل اور تازہ ترین ریکارڈ بھی طلب کیا گیا ہے تمام متعلقہ اداروں کو نوٹس کے اجرا سے سات روز کے اندر رجسٹریشن کے عمل اور مطلوبہ معلومات و دستاویزات محکمہ سماجی بہبود گوادر میں جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ 42

ملاقات میں رکھنی تا بیکڑ زیر تعمیر اہم شاہراہ سمیت جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران رکھنی تا بیکڑ روڈ منصوبے پر جاری تعمیراتی کام کی پیش رفت، مختلف حصوں میں کام کی صورتحال، تعمیراتی معیار، دستیاب مشینری و افرادی قوت اور منصوبے کی بروقت تکمیل سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ حکام نے کمشنر کو منصوبے پر جاری کام اور پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر زیڈ کے بی کمپنی کے اونر حاجی محبت خان نے کمشنر کو یقین دلایا کہ رکھنی تا بیکڑ روڈ منصوبے کو آئندہ ڈھائی ماہ کے اندر مکمل کرنے کیلئے تعمیراتی سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے گی

بقیہ 43

اجلاس مہینے میں دو مرتبہ منعقد کرنے قلات بازار میں تجاوزات کا خاتمہ کوئنگ میں پینے کے پانی کی قلت اور دیگر اہم مسائل کی نشاندہی کی گئی کھلی کچہری میں ایف سی میجر عمر ڈی ایس پی ماہوال سمیت تمام محکموں کے سربراہان علاقہ معززین سیاسی سماجی رہنماؤں اور صحافی برادری نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں مولانا رحمل حلیمی شادی خان مینگل وڈیرہ رحیم مینگل عبدالوحید مینگل حاجی غلام قادر عمرانی غلام مصطفیٰ پردیسی نثار احمد محمد رضا امجدی اور دیگر کی بجانب سے پرش کی گء درخواستوں پر اسسٹنٹ کمشنر اسد سالانی نے فوری ایکشن لیا اور لوگوں کے مسائل توجہ سے سنے انہیں فوری حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی سربراہی میں علاقے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا کر بہتر سروسز ڈیلیوری یقینی بنائیں گے۔

بقیہ 44

مہذب، پرامن اور فلاحی معاشرے کی بنیادی پہچان ہے۔ انسانیت کی عظمت کا تقاضا ہے کہ رنگ، نسل، زبان، علاقہ اور مذہب سے بالاتر ہو کر ہر انسان کے ساتھ عزت، احترام، مساوات اور ہمدردی کا برتاؤ کیا جائے، انہوں نے کہا کہ عالمی یوم انسانیت صرف ایک دن منانے کا نام نہیں بلکہ انسان دوستی کے جذبے کو عملی زندگی میں اپنانے اور دکھی انسانیت کی خدمت کے عزم کی تجدید کا موقع ہے۔ قدرتی آفات، جنگوں، غربت، بھوک اور دیگر مشکلات سے متاثرہ انسانوں کی مدد کرنا پوری عالمی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ سردار فیصل خان جمالی نے کہا کہ مشکل اور آزمائش کی گھڑی میں بے سہارا، مستحق اور ضرورت مند افراد کا ساتھ دینا ایک عظیم انسانی فریضہ ہے۔ معاشرے کے کمزور طبقات کے حقوق کا تحفظ، انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کی مشکلات کے ازالے کے لیے عملی اقدامات ہی ایک حقیقی فلاحی معاشرے کی بنیاد رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج دنیا کو نفرت، انتہا پسندی، تعصب اور عدم برداشت کے بجائے امن، محبت، برداشت، رواداری اور باہمی احترام کی اشد ضرورت ہے۔ ہمیں اپنی نئی نسل کو بھی انسانیت، اخوت اور خدمت خلق کا درس دینا ہوگا تاکہ ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیا جاسکے جہاں ہر فرد کو بلاامتیاز عزت، تحفظ اور بنیادی حقوق حاصل ہوں،

بقیہ 45

مکین بنیادی سہولیات کے حصول کیلئے مسلسل مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، جبکہ ٹریفک کے بڑھتے ہوئے دباؤ نے کالونی کے رہائشیوں خصوصاً بچوں، خواتین اور بزرگوں کیلئے مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی ایم سی کالونی ایک سرکاری رہائشی آبادی ہے جہاں سرکاری ملازمین اور ان کے خاندان رہائش پذیر ہیں، مگر افسوس کہ یہاں بجلی، پانی اور گیس جیسی بنیادی ضروریات بھی مناسب انداز میں دستیاب نہیں۔ سیکورٹی کی ناقص صورتحال کے باعث مکین خود کو غیر محفوظ تصور کرتے ہیں۔ متعلقہ اداروں کی جانب سے مسائل کے مستقل حل کیلئے مؤثر اقدامات نہ ہونا قابل تشویش ہے

بقیہ 46

خیل اور پرنسپل کالج آف نرسنگ میڈیم سکینہ کاکڑ، ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوارڈینیٹر نقیب اللہ ناصر اور سیفٹی آفیسر بلوچستان فوڈ اتھارٹی شہزاد ناصر نے کہا کہ ماں کے لیے دوران حمل متوازن خوراک کا استعمال، ٹی ٹی ویکسینیشن اور کسی بھی طبی پیچیدگی کی صورت میں بروقت طبی عملے سے رجوع کرنا ضروری ہے، جس سے ماں اور بچے کی صحت بہتر رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچے کی پیدائش کے فوراً بعد اور پہلے چھ ماہ تک صرف ماں کا دودھ پلانا بچے کی ذہنی و جسمانی نشوونما اور قوت مدافعت کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ماں کا دودھ بچوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے میں قدرتی حفاظتی کردار ادا کرتا ہے۔ مقررین نے کہا کہ ماں اور بچے کی شرح اموات میں کمی کے لیے شعور و آگاہی، بروقت ویکسینیشن اور احتیاطی تدابیر بنیادی اہمیت رکھتی ہیں۔ ماں کا دودھ بچے کی صحت، نشوونما اور بیماریوں کے خلاف مدافعت بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے

بقیہ 47

سے قبول کرتے ہوئے اجتماع میں شرکت کی یقین دہانی کرائی اور منتظمین کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ دینی و اصلاحی سرگرمیاں معاشرے میں اخوت، بھائی چارے، امن اور خیر کے فروغ کا ذریعہ بنتی ہیں، انتظامیہ اجتماع کے کامیاب اور پُرامن انعقاد کیلئے منتظمین کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی۔

بقیہ 48

، جبکہ اس موقع پر ڈی ایم پی پی ایچ آئی زیارت ممتاز علی رند، ڈرگ انسپکٹر تحصیل زیارت محمد عدیل، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ملیریا کنٹرول پروگرام آئی ایچ ایچ این جمعہ خان اور ملیریا سپروائزر غلام اللہ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر متعلقہ ٹیم نے ملیریا سے بچاؤ اور اس کے تدارک کی اہمیت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسپرے مہم کو کامیاب بنانے، ملیریا کے پھیلاؤ کو روکنے اور مقامی آبادی کو اس بیماری سے محفوظ رکھنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ متعلقہ حکام نے کہا کہ ملیریا سے بچاؤ کیلئے عوامی آگاہی کے ساتھ ساتھ حفاظتی اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے گا، تاکہ علاقے کے عوام کو صحت مند اور محفوظ ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 49

مسٹریس نے انھیں مختلف کلاس رومز کا معائنہ کروایا اور اسکول ہٰذہ کے تعلیمی پس منظر اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیں اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ محمد رمضان کرد نے اسکولز کے اساتذہ و دیگر عملے کو اپنی حاضری اور تعلیمی مراکز کی صفائی و ستھرائی کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں اور درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کروائی انھوں نے کہا کہ غیر حاضر اساتذہ، استانیاں و دیگر عملے کے خلاف سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی ضلع کے مستقبل کے معماروں کی تعلیم کے حوالے سے کوئی کوتاہی و غفلت نا قابل برداشت عمل تصور کی جائیں گی۔

بقیہ 50

ادارے میں کام کرنے والے محنت کشوں کی ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایس او پیز اور سی ایس آر پروگرام کے تحت فلاحی اقدامات پر عملدرآمد کو قابل تحسین قرار دیا کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا کہ صنعتی اداروں کا مقامی آبادی کی فلاح و بہبود میں کردار انتہائی اہم ہے، سی ایس آر کے تحت علاقے میں بنیادی سہولیات اور عوامی فلاح کے کاموں کو سراہا اور کہا کہ اٹک سیمنٹ فیکٹری کی انتظامیہ نے اپنے سی ایس آر پروگرام کے تحت صحت، تعلیم اور کمیونٹی کی بہتری کیلئے اہم اور موثر اقدامات اٹھائے ہیں جو کہ فیکٹری مینجمنٹ کی لیبرز کی ویلفیئر اور علاقے میں معاشی سرگرمیوں کے حوالے سے حوصلہ افزاء اقدامات ہیں کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے اس توقع کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی اٹک سیمنٹ فیکٹری انتظامیہ اسی طرح حب کے عوام کے فلاح و بہبود کیلئے اقدامات اٹھاتے رہے گے

بقیہ 51

ریلیاں نکالی جارہی ہیں ان ریلیوں میں عاشقان رسول نے آقا کی آمد کے نعرے لگاتے ہوئے ریلیاں نکال رہے ہیں جبکہ مختلف شہروں میں عاشقان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب سے 12 ربیع اول کے دن جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سلسلے میں ریلیاں نکالیں جائیں گی اور جلسے منعقد کیئے جائیں گے جس میں نعت خواں نعت کا نظرانہ پیش کریں گے مختلف علماء کرام اپنے خطاب میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی مبارک پر تفصیلی روشنی ڈالیں گے

بقیہ 52

پر ڈپٹی کمشنر ورپندر لعل نے کہا کہ کھلی کچہری عوامی مسائل سننے اور ان کے حل کیلئے ایک مؤثر عوامی فورم ہے۔ آج کی کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سنے بغیر اختتام پذیر نہیں ہوگی۔ ضلعی انتظامیہ کے دائرہ اختیار میں آنے والے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، جبکہ ایسے مسائل جو ضلعی انتظامیہ کے اختیار سے باہر ہیں، انہیں متعلقہ اعلیٰ حکام اور محکموں کے سامنے تحریری طور پر پیش کیا جائے گا تاکہ ان کے حل کیلئے مؤثر پیش رفت یقینی بنائی جا سکے کھلی کچہری میں ونگ کمانڈر کرنل رضوان طیب، اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ، تحصیلدار معظم علی جتوئی، ایکسین بلڈنگز، ایکسین واپڈا، ڈی ایچ او ڈاکٹر ایاز حسین جمالی ضلعی انتظامیہ کے افسران، مختلف محکموں کے سربراہان علماء کرام، طلباء اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر شہریوں نے تحریری درخواستوں اور زبانی طور پر مختلف عوامی مسائل ڈپٹی کمشنر کے سامنے پیش کیے شہریوں نے ڈیرہ مراد جمالی بائی پاس روڈ کی تعمیر میں طویل تاخیر تحصیل تمبو میں پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی زرعی سیزن کے دوران پانی کی قلت اور پانی کی غیر قانونی چوری کی شکایات سے آگاہ کیا شہریوں نے بتایا کہ بعض علاقوں میں غیر قانونی طور پر پائپوں کے ذریعے پانی چوری کیا جارہا ہے

بقیہ 53

اچانک آگ لگنے سے لاکھوں روپے مالیت کا کپڑا جل گیا اور پوری شاپ راکھ میں تبدیل ہوگئی واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور آگ لگنے کی وجوہات سمیت دیگر شواہد اکٹھے کرنے کے بعد واقعے کی تحقیقات شروع کردی گئی

بقیہ 54

آفیسر ڈاکٹر شیر زمان حمزہ زئی، ایم ایس ڈاکٹر نقیب اللہ، پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ڈاکٹر نسرین گل سمیت محکمہ صحت کے دیگر افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کیا جلاس کے دوران ضلع کے مختلف ہسپتالوں، بنیادی مراکز صحت اور دیگر طبی مراکز میں دستیاب سہولیات، ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری، ضروری ادویات کی دستیابی، مراکز صحت کی فعالیت، حفاظتی ٹیکہ جات کی سرگرمیوں اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر محکمہ صحت کے افسران نے ضلعی صحت کی صورتحال اور مختلف مراکز میں جاری طبی سرگرمیوں کے حوالے سے اجلاس کو بریفنگ دی۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ دور دراز علاقوں کے عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل علی نواز جمالی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام سرکاری مراکز صحت میں ڈاکٹرز، نرسنگ اور دیگر طبی عملے کی باقاعدہ حاضری یقینی بنائی جائے جبکہ ضروری ادویات اور طبی سامان کی دستیابی پر خصوصی توجہ دی جائے

بقیہ 55

یاسین بلوچ یونٹ کے سیکرٹری و ضلعی انفارمیشن سیکرٹری میاں محمد طاہر بشیر آرائیں سمیت دیگر رہنماؤں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز میں میر حاصل خان بزنجو کی سیاسی و قومی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور ان کی جمہوری جدوجہد، اصول پسندی اور بلوچستان کے عوام کے حقوق کے لیے ان کی طویل سیاسی خدمات کو تفصیل سے اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ضلعی آرگنائزر درمحمد بلوچ نے کہا کہ میر حاصل خان بزنجو بلوچستان اور پاکستان کی جمہوری سیاست کا ایک روشن باب تھے۔ انہوں نے اپنی پوری سیاسی زندگی جمہوریت کے استحکام، آئین کی بالادستی، پارلیمانی نظام کے تحفظ، انسانی حقوق اور عوام کے بنیادی حقوق کے لیے جدوجہد میں گزاری۔ ان کی سیاست کا محور ذاتی مفادات کے بجائے اصول، نظریات اور عوامی حقوق تھے۔ انہوں نے کہا کہ میر حاصل خان بزنجو ایک ایسے سیاسی رہنما تھے جنہوں نے مشکل سے مشکل حالات میں بھی جمہوری اور سیاسی جدوجہد کا راستہ نہیں چھوڑا۔ انہوں نے ہمیشہ سیاسی اختلاف کو برداشت، مکالمے اور جمہوری طریقے سے حل کرنے پر زور دیا

بقیہ 56

نرخناموں پر مؤثر عملدرآمد کے حوالے سے مشاورت کرنا تھا۔ اجلاس میں انجمن تاجران (رحیم کاکڑ) کے ضلعی صدر صابر خان کدیزئی، جنرل سیکرٹری محمد عثمان جلالزئی، انجمن تاجران (رحیم آغا) کے ضلعی صدر عبدالغفار ناصر، محکمہ حیوانات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر عبدالرحیم نیازی، تحصیلدار عظیم خان خدرزئی، ٹیلرز ایسوسی ایشن کی جانب سے فقیر محمد جلالزئی، نصیب خان کبزئی، رستم خان اور یونس خان، میونسپل کمیٹی کے نمائندے امان اللہ اتمان خیل سمیت قصاب ایسوسی ایشن، تندور ایسوسی ایشن، حمام ایسوسی ایشن، لکڑی ٹال ایسوسی ایشن، آٹا ڈیلرز اور دیگر تاجر تنظیموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران لورالائی شہر میں مختلف کاروباری شعبوں اور اشیائے ضروریہ کے موجودہ نرخوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے نمائندگان نے اپنے کاروبار سے متعلق موجودہ حالات، اخراجات، اشیاء کی قیمتوں اور عوام کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے نرخ مقرر کرنے کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کیں۔

بقیہ 57

بختیار خان کاکڑ سمیت محکمہ تعلیم کے تمام متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مختلف سرکاری سکولوں میں اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری، طلبہ کی حاضری، سکولوں کی فعالیت، دستیاب بنیادی سہولیات، تدریسی سرگرمیوں اور معیار تعلیم سے متعلق امور زیر غور آئے۔ شرکاء نے ضلع بھر کے تعلیمی اداروں میں تدریسی عمل کو مزید مؤثر بنانے، طلبہ کی حاضری میں بہتری لانے اور سکولوں میں دستیاب سہولیات کو بہتر بنانے کے حوالے سے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر سکولوں کی کارکردگی کی باقاعدہ نگرانی اور تعلیمی سرگرمیوں کے تسلسل کو یقینی بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا

بقیہ 58

دوسری پوزیشن حاصل کرلی۔ کامیاب طلبہ کو بطور انعام 30 ہزار روپے نقد بھی دیئے گئے پاکستانیات کوئز مقابلہ 2026 کا انعقاد 11 سے 13 اگست 2026 تک نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (NUST) بلوچستان کیمپس میں کیا گیا، جس میں بلوچستان بھر کی مختلف جامعات کے طلبہ نے شرکت کی۔ یونیورسٹی آف لورالائی کے طلبہ کی نمایاں کامیابی پر یونیورسٹی انتظامیہ، اساتذہ اور طلبہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے قدرت اللہ اور محمد بلال کو مبارکباد دیتے ہوئے اسے ادارے کیلئے ایک قابل فخر اور اہم کامیابی قرار دیا اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان محترمہ راحیلہ حمید درانی اور محکمہ تعلیم بلوچستان کے حکام کا خصوصی شکریہ ادا کیا گیا

بقیہ 59

شہر اور گردونواح میں بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، گیس کمپنی کے نخروں اور ڈراموں سے عوام تنگ آچکے ہیں۔ امن وامان کی صورتحال ناقص ہے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ افراد کے سامنے پولیس بے بس ہے۔ انہوں نے کہا کہ شدید گرمی کے باوجود بجلی کی بار بار بندش سے گھریلو صارفین، طلبہ، تاجر، صنعت کار اور کاروباری طبقہ شدید متاثر ہو رہا ہے جبکہ گیس کی عدم دستیابی اور کم پریشر کے باعث شہریوں کو گھریلو ضروریات پوری کرنے میں بھی دشواری کا سامنا ہے

بقیہ 60

موقع پر اسپیشل مجسٹریٹ واسا حبیب الرحمٰن کاکڑ نے کہا کہ شہر میں غیر قانونی بورنگ، غیر قانونی واٹر سپلائی کنکشنز اور واسا کے بلوں کی عدم ادائیگی کے خلاف باقاعدہ کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ واسا کے قوانین کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ پانی کے غیر قانونی استعمال اور واجبات کی عدم ادائیگی سے ادارے کو مالی نقصان کے ساتھ شہریوں کو پانی کی فراہمی بھی متاثر ہوتی ہے۔

بقیہ 61

کیلئے لے کر گئے جواب تک مرمت نہیں ہوا۔ متبادل ٹرانسفارمر لگایا جارہا اور نہ مرمت کا عمل تیز کیا جارہا ہے۔ شدید گرمی میں بجلی کی مسلسل بندش سے شہری کرب میں مبتلا ہیں۔ مچھروں کے کاٹنے سے لوگ بیمار ہورہے ہیں۔ انہوں نے کیسکو چیف سے مطالبہ کیا ہے کہ نوٹس لیکر جلد ٹرانسفارمر نصب کروائیں۔

بقیہ 62

کچھی کے ڈھاڈر کا واحد فٹبال اسٹیڈیم محکمہ کھیل کی مسلسل عدم توجہی اور غفلت کے باعث تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے، جو نہ صرف کھیلوں کے شعبے کے لیے باعث تشویش ہے بلکہ علاقے کے نوجوانوں کے مستقبل کے حوالے سے بھی ایک سنگین صورتحال ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ڈھاڈر فٹبال اسٹیڈیم بھی مقامی نوجوانوں، کھلاڑیوں اور کھیلوں کے شائقین کے لیے صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کا اہم مرکز ہوا کرتا تھا، جہاں نوجوان اپنی صلاحیتوں کا اظہار کرتے اور مختلف مقابلوں میں حصہ لیتے تھے، مگر آج مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث یہ کھیلوں کا میدان اپنی افادیت کھوتا جا رہا ہے۔ سکینہ عبداللہ خان نے کہا کہ اسٹیڈیم کی چار دیواری کئی مقامات سے گر چکی ہے

بقیہ 63

غیرت کے نام پر قتل کے مقدمے میں مطلوب مرکزی ملزم میر گل ولد رمضان قوم جمالی سکنہ گوٹھ ارباب خان جمالی گنداخہ کو گرفتار کرلیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوستہ محمد نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 64

العالیہ نے خصوصی خطاب فرمایا۔ انہوں نے سیرت طیبہ، محبت رسولؐ اور سنت نبویؐ پر عمل کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ حضور اکرمؐ کی محبت ہی ایمان کی اصل روح اور دنیا و آخرت کی کامیابی کا ذریعہ ہے۔ محفل کے دوران درود وسلام اور ذکر مصطفیٰؐ سے فضائیں معطر رہیں جبکہ عاشقان رسولؐ نے بھرپور عقیدت و محبت کا اظہار کیا۔ محفل کے اختتام پر خصوصی دعا کی گئی اور شرکاء میں لنگر غوثیہ بھی تقسیم کیا گیا۔ محفل انتہائی عقیدت واحترام اور روحانی ماحول میں اختتام پذیر ہوئی

بقیہ 65

میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ تفصیلات کے مطابق گوٹھ ریحان خان بنگلانی جمالی میں بلن خان بنگلانی جمالی اور جبل خان بنگلانی جمالی کے فریقین کے مابین پلاٹ کے معاملے پر تلخی پیدا ہوگئی، جس کے بعد دونوں جانب سے ایک دوسرے پر جدید خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کی گئی۔ فائرنگ کے نتیجے میں بلن خان بنگلانی جمالی فریق کا 15 سالہ نوجوان ذوالفقار ولد بلن خان بنگلانی جمالی موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ واقعے کے بعد فریقین کے درمیان کشیدگی مزید بڑھ گئی اور علاقہ کچھ دیر کے لیے میدان جنگ کا منظر پیش کرتا رہا۔ اطلاع ملتے ہی میرانپور پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور فریقین کے مابین بات چیت کرکے فائرنگ کا سلسلہ بند کروایا۔

بقیہ 66

طرح اخلاق مری اور راشد بلوچ کو ایگزیکٹو ممبران کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں، نئی کابینہ کے انتخاب کے لیے ووٹنگ کا عمل نیشنل پریس کلب کوہلو کے لیگل ایڈوائزر ایڈووکیٹ سردار وسیم ایاز مری کی نگرانی میں منعقد ہوا، جس میں صحافی برادری نے شرکت کرتے ہوئے نئی کابینہ کا انتخاب کیا، اس موقع پر مقامی صحافیوں اور معززین نے نئی کابینہ کے قیام پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت کوہلو میں صحافت کے فروغ، صحافیوں کے حقوق کے تحفظ اور عوامی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی، شرکاء نے کہا کہ نیشنل پریس کلب کوہلو نے ہمیشہ علاقے کے بنیادی مسائل، عوامی مشکلات اور محروم طبقات کی آواز کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے

بقیہ 67

اس واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا، پولیس کے مطابق یہ واقعہ رند اور بلیدی برادریوں کے درمیان چلے آرہے پرانے رشتہ داری کے تنازع کے باعث پیش آیا۔ فائرنگ میں جان بحق ہونے والے دونوں افراد آپس میں کزن تھے، جن کے نام برکت علی بلیدی اور امام جان بلیدی بتائے گئے ہیں۔ اطلاع ملتے ہی میرانپور پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو تحویل میں لیا اور پوسٹ مارٹم کے لیے تعلقہ ہسپتال گڑھی خیرو منتقل کیا۔ ضروری قانونی کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کردی گئی ہیں۔

بقیہ 68

میں پولیس کی رٹ کمزور ہونے سے جرائم پیشہ عناصر کے حوصلے بلند ہورہے ہیں اور وہ قانون کی گرفت سے بے خوف ہوکر وارداتیں کر رہے ہیں۔ گنداخہ، باغ ہیڈ اور باغ نیل سمیت گردونواح میں شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ریاستی اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، جس میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی عوام کے لیے ناقابل برداشت ہے۔ جے یو آئی رہنماؤں نے کہا کہ امن و امان کی خراب صورتحال نہ صرف عام شہریوں بلکہ تاجروں، زمینداروں، مسافروں اور کاروباری طبقے کے لیے بھی پریشانی کا باعث بن رہی ہے۔ اگر جرائم پر بروقت قابو نہ پایا گیا تو صورتحال مزید سنگین ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پولیس گشت کے نظام کو مؤثر بنایا جائے، داخلی و خارجی راستوں پر نگرانی بڑھائی جائے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز اور بھرپور کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ 69

طرح اخلاق مری اور راشد بلوچ کو ایگزیکٹو ممبران کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں، نئی کابینہ کے انتخاب کے لیے ووٹنگ کا عمل نیشنل پریس کلب کوہلو کے لیگل ایڈوائزر ایڈووکیٹ سردار وسیم ایاز مری کی نگرانی میں منعقد ہوا، جس میں صحافی برادری نے شرکت کرتے ہوئے نئی کابینہ کا انتخاب کیا، اس موقع پر مقامی صحافیوں اور معززین نے نئی کابینہ کے قیام پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت کوہلو میں صحافت کے فروغ، صحافیوں کے حقوق کے تحفظ اور عوامی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی، شرکاء نے کہا کہ نیشنل پریس کلب کوہلو نے ہمیشہ علاقے کے بنیادی مسائل، عوامی مشکلات اور محروم طبقات کی آواز کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے

بقیہ 70

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین میں شفاف اور مستقل پالیسی اختیار کرے تاکہ کاروباری طبقے، ٹرانسپورٹرز اور عوام کو بار بار کی قیمتوں میں تبدیلی سے پیدا ہونے والی مشکلات سے نجات مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیزل کی قیمت میں کمی بظاہر بڑا ریلیف نظر آتی ہے، مگر اس کے مقابلے میں پٹرول کی قیمت میں صرف دو روپے کمی عوام کے ساتھ مذاق ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا براہ راست فائدہ عام آدمی اور ٹرانسپورٹرز تک پہنچنا چاہیے، کیونکہ ایندھن کی قیمتوں میں اضافے یا کمی کا اثر کرایوں، اشیائے ضروریہ اور ہر شعبہ زندگی پر پڑتا ہے

بقیہ 71

سے نکالا گیا۔ جس میں بڑی تعداد میں شرکاء نے مختلف راستوں پر مارچ کرتے ہوئے آبپاشی حکام کے خلاف نعرے بازی کی اور مدنی چوک پہنچ کر دھرنا دیا۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ بگاری کینال میں پانی کی شدید قلت کے باعث تاجا شاخ، گل شاخ، کوٹری شاخ، چھ شاخ اور سالار شاخ سمیت کئی شاخوں میں پانی کی فراہمی شدید متاثر ہے، جس کے نتیجے میں ہزاروں ایکڑ پر کھڑی دھان کی فصل خشک ہونے لگی ہے اور آبادگار شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آبادگار پورا سال محنت اور بھاری اخراجات کے بعد فصل تیار کرتے ہیں، لیکن پانی کی عدم فراہمی کے باعث ان کی فصل اور تمام سرمایہ کاری خطرے میں پڑ گئی ہے،

بقیہ 72

زخمی ہوگیا جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ اطلاع ملتے ہی مرک ریسکیو سینٹر 1122 وندر کی میڈیکل ایمرجنسی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور جاں بحق شخص کی لاش ریسکیو سینٹر وندر کی ایمبولینس کے ذریعے ریسکیو سینٹر وندر منتقل کردی۔ وندر پولیس نے ضابطے کی ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی گئی۔ جبکہ حادثے کے بعد ٹرالر ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس نے واقعے کی مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 73

جائیں تاکہ شہری علاقوں میں صفائی ستھرائی، نکاسی آب، سڑکوں کی دیکھ بھال اور دیگر بنیادی میونسپل خدمات کا نظام بحال اور مؤثر بنایا جاسکے۔ میونسپل کارپوریشن حکام کا کہنا ہے کہ گزشتہ دو ماہ سے فنڈز کی عدم فراہمی کے باعث بلدیاتی امور شدید متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ صفائی ستھرائی کا نظام بھی مشکلات سے دوچار ہے۔ شہر میں روزمرہ بنیادوں پر شہریوں کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں، جس کے باعث عوامی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں

بقیہ 74

محکمے کو درخواست دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کیلئے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کرکے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے دونوں میٹر فوری طور پر لگائے جائیں۔

بقیہ 75

سے ان کی فنی و ادبی خدمات کے اعتراف میں خصوصی اعزاز سے نوازا گیا۔ سرفراز احمد نے بلوچی زبان کے فروغ اور ثقافتی ورثے کی ترویج میں طویل عرصے سے اپنی فنی صلاحیتوں کے ذریعے نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے بلوچی زبان کی متعدد فلموں میں مختلف اور یادگار کردار ادا کرتے ہوئے مقامی فن، زبان اور ثقافتی اقدار کو اجاگر کرنے میں اپنا بھرپور حصہ ڈالا ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ نے کہا کہ زبانیں صرف اظہار کا ذریعہ نہیں بلکہ کسی بھی قوم کی تاریخ، تہذیب، روایات اور اجتماعی شناخت کی آئینہ دار ہوتی ہیں

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ ایس ایس پی فلائٹ عطاالرحمٰن خان سے ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کا ایم ایم ڈی دفتر کا اچانک دورہ

سرکاری دفاتر میں ملازمین کی بروقت حاضری اور ذمہ داریوں کی انجام دہی کسی صورت نظرانداز نہیں کی جا سکتی

گوادر (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سرکاری اداروں میں نظم و ضبط، شفافیت اور عوامی خدمات کی بہتری کیلئے مؤثر نگرانی کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے ایم ایم ڈی دفتر کا اچانک دورہ کیا، جہاں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے دفتر میں افسران و ملازمین کی حاضری، دفتری امور، ریکارڈ اور ادارے کے مجموعی انتظامی معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ معائنے کے موقع پر متعلقہ افسر بھی دفتر میں موجود نہیں تھے، جبکہ حاضری کی جانچ کے دوران 35 ملازمین میں سے صرف 3 ملازمین (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل کے متعلق جواب دے رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی زیرِ صدارت نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم میں ناجائز تجاوزات اور غیر قانونی قبضوں سے متعلق اجلاس

سرکاری و نجی اراضی پر غیر قانونی قبضہ اور تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی زیرِ صدارت نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم میں ناجائز تجاوزات اور غیر قانونی قبضوں سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اصل پلاٹ مالکان کی جانب سے پیش کی گئی شکایات اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران اصل پلاٹ مالکان کی شکایات سنی گئیں اور متعلقہ ریکارڈ، تجاوزات اور غیر (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

ضلعی انتظامیہ سوراب کا اعلامیہ

سوراب (خ ن) ضلعی انتظامیہ سوراب کے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ وزیرِ اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیرِ صدارت 21 اگست 2026 بروز جمعہ، دن 1:30 بجے مین آر سی ڈی روڈ، جامعہ مسجد الفلاح تبلیغی مرکز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا

ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر کی جانب سے جاری اعلامیہ

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر کی ہدایات پر محکمہ سماجی بہبود نے ضلع گوادر میں کام کرنے والی تمام غیر رجسٹرڈ این جی اوز، بین الاقوامی و دیگر غیر سرکاری تنظیموں کو قانونی تقاضے پورے کرنے اور اپنی سرگرمیوں کو باقاعدہ بنانے کیلئے بلوچستان چیریٹیز رجسٹریشن (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

امن و امان، تعلیم، بجلی اور عوامی سہولیات کی بہتری ترجیحات میں شامل ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

امن و امان، تعلیم، بجلی اور عوامی سہولیات کی بہتری ان کی ترجیحات میں شامل ہیں

گوادر (خ ن) رکنِ صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے ایس ایس پی گوادر عطاء الرحمٰن سے ملاقات میں امن و امان، منشیات کے خاتمے اور عوامی تحفظ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا، جبکہ واپڈا حکام سے بجلی کے مسائل کے فوری حل اور ماڈل ہائی اسکول کے دورے کے دوران تعلیمی سہولیات کی بہتری پر زور دیا ایس ایس پی گوادر سے ملاقات (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

بنیادی سہولیات کی فراہمی اور صوبے کی ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا پائیدار امن کیلئے ناگزیر ہے، عبدالقادر

قبائلی اور سیاسی قیادت ریاستی اداروں اور حکومت کے درمیان اعتماد سازی کا مؤثر پل بن سکتی ہے

سی ڈی ایف سے ملاقات بلوچستان میں قیامِ امن اور قومی مفاہمت کیلئے نئی امید ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ چیف آف ڈیفنس فورسز (سی ڈی ایف) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بلوچستان کے پارلیمنٹیرینز اور قبائلی عمائدین سے ملاقات صوبے میں قیامِ امن، سیاسی مفاہمت اور معاشی استحکام کی جانب ایک اہم اور مثبت پیشرفت ہے۔ یہ ملاقات محض ایک رسمی نشست نہیں بلکہ بلوچستان کے سیاسی، سماجی، معاشی اور سیکیورٹی مسائل (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

قلات، اسسٹنٹ کمشنر کے زیر صدارت کھلی کچہری

مسائل کے حل کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا کر بہتر سروسز ڈیلیوری یقینی بنائیں گے، اسد سالانی

قلات (خ ن) وزیرِ اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیرِ داخلہ میر ضیاء لانگو کے احکامات پر ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر اسد سالانی کے زیرِ صدارت تحصیل کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ شہر میں امن وامان کی صورتحال شہر میں صفائی ستھرائی ٹیچنگ ہسپتال میں سرد خانہ کی تعمیر لوکل سرٹیفکیٹ کے حصول میں مشکلات گیس کی عدم فراہمی قلات میں پرائیویٹ گیس پلانٹ کی تنصیب بینکوں کی بندش نادرا آفس کے کمیٹی (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

کمشنر کوہِ سلیمان سے زیڈ کے بی کمپنی کے اونر اور دیگر متعلقہ افسران کی ملاقات

بارکھان/رکھنی (خ ن) کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی سے زیڈ کے بی کمپنی کے اونر حاجی محبت خان، ایلسیئن بی اینڈ آر نارتھ ڈیرہ بگٹی شمس الحق اور دیگر متعلقہ افسران نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر عبدالباسط بزدار بھی موجود تھے (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین کھلی کچہری میں سائل کے مسائل سن رہی ہیں

انسانیت کی خدمت ہی دراصل امن، خوشحالی اور بہتر مستقبل کی ضمانت ہے، فیصل جمالی

پاکستان کی معاشرتی اور اسلامی اقدار میں انسانیت کی خدمت کو ہمیشہ مرکزی حیثیت حاصل رہی ہے

گنداخہ: (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار فیصل خان جمالی نے عالمی یوم انسانیت کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت، دکھی انسانوں کی مدد، ہمدردی، اخوت، بھائی چارے اور رواداری ہی ایک (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

کمشنر لسبیلہ سائرہ عطاء کا اٹک سیمنٹ فیکٹری کا دورہ

صنعتی اداروں کا مقامی آبادی کی فلاح و بہبود میں کردار انتہائی اہم ہے، سائرہ عطاء

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے اٹک سیمنٹ فیکٹری کا دورہ کیا جہاں سینئر منیجر شاکر حسین و سینئر ایڈمنسٹریٹیو افیسر کرنل رضاء اللہ نے صنعتی ادارے کی جانب سے انہیں فیکٹری کی کارکردگی، پیداواری سرگرمیوں اور کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی (CSR) کے تحت جاری اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ کمشنر نے صنعتی (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

تحصیل سنجاوی میں ملیریا سے بچاؤ کیلئے اسپرے مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا

سنجاوی (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی وزیرِ اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر تحصیل سنجاوی میں ملیریا سے بچاؤ کیلئے اسپرے مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب کی نگرانی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر زیارت ڈاکٹر رفیق مستوئی نے کی (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

امن و امان کے قیام کیلئے قانون کے مطابق ضروری اقدامات کئے جائیں، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

بلوچستان میں بارڈرز کی قانونی تجارت و کاروبار، شاہراہیں، انٹرنیٹ بند مگر منشیات و غیر قانونی کاروبار جاری رشوت کا بازار گرم ہے

ایسے اہلکاروں کے معاملات کا جائزہ لے کر قانون اور ضابطے کے مطابق ان کی ملازمتیں دوبارہ فعال کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں، ایم پی اے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں بارڈرز کی قانونی تجارت و کاروبار، شاہراہیں، انٹرنیٹ بند مگر منشیات و غیر قانونی کاروبار جاری رشوت کا بازار گرم ہے۔ جماعت اسلامی منشیات بدامنی، بدعنوانی سمیت ہر ظلم و جبر کے خلاف جدوجہد جاری رکھے گی جماعت اسلامی کے قومی سطح احتجاجی دھرنے واحتجاج سے حکمران و طاقتور طبقات (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

بی ایم سی کالونی میں بنیادی سہولیات کا فقدان

سرکاری رہائشی کالونی رہائش کے قابل نہیں رہی، عامر بنگلزئی

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم کوئٹہ ڈویژن کے صدر عامر بنگلزئی نے بی ایم سی کالونی میں بجلی، پانی، گیس اور سیکیورٹی سمیت بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی اور کالونی کے عین درمیان سے گزرنے والی سڑک پر ٹریفک کے بے انتہا رش پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری بی ایم سی کالونی اب رہائش کے قابل نہیں رہی۔ (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ کا گورنمنٹ سکولوں کا سرپرائز دورہ

جھل مگسی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ محمد رمضان کرد نے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول گنداواہ، گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول حسینی محلہ گنداواہ اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول بستی کمال شاہ گنداواہ کا سرپرائز دورہ کیا اساتذہ، استانیوں و دیگر عملے کی حاضری چیک کیں۔ اس موقع پر مذکورہ اسکولوں کے صدر مدرسین و ہیڈ (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

حب، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء اٹک سیمنٹ فیکٹری کے دورے کے موقع پر پودا لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کر رہی ہیں

ٹرانسفارمر کی خرابی شہریوں کیلئے وبال جان بن گئی مرمت میں ہفتوں لگنے لگے

سریاب میں کریم آباد کا ٹرانسفارمر 12 اگست سے خراب، شدید گرمی میں شہری پریشان غوث آباد میں بھی بجلی تین روز سے بند

کوئٹہ، (سٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے گنجان آباد علاقے سریاب کے کلی کریم آباد میں 80 گھروں میں سو سے زائد خاندان رہائش پذیر ہیں۔ جو گزشتہ 9 روز سے بجلی سے محروم ہیں۔ وہاں کے رہائشی ظہیر احمد نے بلوچستان آبزرور کو بتایا ہے کہ 12 اگست کو محلے کیلئے بجلی ٹرانسفارمر خراب ہوا۔ تعطیلات کا بہانہ بنا کر کیسکو والے ٹرانسفارمر 17 اگست کو مرمت (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

تبلیغی اجتماع کے منتظمین کی ایک نمائندہ وفد نے ڈپٹی کمشنر گوادر سے ملاقات

گوادر (خ ن) تبلیغی اجتماع کے منتظمین کی ایک نمائندہ وفد نے ڈپٹی کمشنر گوادر سے ملاقات کی اور انہیں 30 ستمبر سے گوادر میں منعقد ہونے والے تبلیغی اجتماع میں شرکت کی دعوت دی۔ ڈپٹی کمشنر نے دعوت کو خوش دلی (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

ماں کا دودھ بچوں کی صحت اور قوتِ مدافعت کیلئے قدرتی تحفظ ہے، شاہ زمان حمزہ زئی

ماؤں کو بچوں کو ابتدائی چھ ماہ تک صرف اپنا دودھ پلانے کی ترغیب دی جانی چاہیے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ محکمہ صحت، حکومتِ بلوچستان کے زیرِ اہتمام اور یونیسف کے تعاون سے ڈائریکٹر نیوٹریشن ڈاکٹر نعیم خان زرکون کی خصوصی ہدایت پر لورالائی کالج آف نرسنگ میں ماں کے دودھ کی اہمیت و افادیت کے حوالے سے قائم مقام ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شاہ زمان حمزہ زئی، ہیڈ آف چلڈرن وارڈ ڈاکٹر حنیف دمڑ، اے ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی محب اللہ کاکڑ، ایس او ایم این سی ایچ پروگرام محمد عثمان موسی (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

لورالائی، کالج آف نرسنگ میں ماؤں کے دودھ کی اہمیت وافادیت کے موضوع پر نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ کے زیرِ اہتمام سیمینار سے ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر شاہ زمان حمزہ زئی ہیڈ آف پیڈز ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر حنیف دمڑ اور دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

جعفرآباد پولیس نے مفرور ملزمان کے خلاف کارروائی، مطلوب دو ملزمان گرفتار

کوئٹہ (پ ر) جعفرآباد پولیس نے مفرور ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کے مقدمے میں مطلوب دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں عبداللہ ولد غلام سرور اور لیاقت ولد باچا قوم رند سکنہ گوٹھ شاہک خان رند شامل ہیں۔

ڈیرہ اللہ یار، جشن عید میلاد النبیؐ کے سلسلے میں تیاریاں عروج پر پہنچ گئی

ان ریلیوں میں عاشقان رسول نے آقا کی آمد کے نعرے لگاتے ہوئے ریلیاں نکال رہے ہیں

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) ہر سال کی طرح اس سال بھی نصیرآباد ڈویژن کے مختلف چھوٹے بڑے شہروں میں جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سلسلے میں تیاریاں عروج پر پہنچ گئی ہیں عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شہروں کے مختلف مین چوکوں پر گیٹ کو سجا کر لگائیں گئے ہیں اور مختلف شہروں کے روڈوں کو سبز جھنڈیوں اور پرچموں سے سجائے گئے ہیں مختلف شہروں میں تیاریوں کے سلسلے میں مختلف جگہوں پر عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سلسلے میں (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، گیس کمپنی کے نخروں اور ڈراموں سے عوام تنگ آچکے ہیں۔ مولانا عبدالرحمٰن رفیق

پورے صوبے میں امن و امان کی صورتحال انتہائی ابتر ہے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ افراد کے سامنے پولیس اور انتظامیہ بے بس ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ کوئٹہ (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

لورالائی یونیورسٹی کے قدرت اللہ بلوچستان کی 13 جامعات کے درمیان دوسری پوزیشن حاصل کر لی

لورالائی (خ ن) یونیورسٹی آف لورالائی کے شعبہ سیاسیات کے طلبہ قدرت اللہ اور محمد بلال نے پاکستانیات کوئز مقابلہ 2026 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے صوبہ بلوچستان کی 13 جامعات کے درمیان (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

میر حاصل بزنجو بلوچستان اور پاکستان کی جمہوری سیاست کا ایک روشن باب تھے، درمحمد بلوچ

میر حاصل خان بزنجو کی جدوجہد صرف ایک سیاسی جماعت تک محدود نہیں تھی

لورالائی (نامہ نگار) نیشنل پارٹی لورالائی کے آرگنائزر درمحمد بلوچ کی زیرِ صدارت میرِ جمہوریت میر حاصل خان بزنجو کی برسی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں نیشنل پارٹی لورالائی کے عہدیداران، رہنماؤں اور کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں نذیر احمد سالانی، عظیم بنگلزئی، اعظم بنگلزئی، اکرم لانگو، شہید ڈاکٹر (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لورالائی علی نواز جمالی کی زیرِ صدارت ضلعی صحت کمیٹی کا اہم اجلاس

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لورالائی علی نواز جمالی کی زیرِ صدارت ضلعی صحت کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت عامہ کی صورتحال طبی سہولیات کی فراہمی اور محکمہ صحت کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال نصیرآباد میں کھلی کچہری

کھلی کچہری عوامی مسائل سننے اور ان کے حل کیلئے ایک مؤثر عوامی فورم ہے

نصیرآباد (خ ن) وزیرِ اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال نصیرآباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورِیندر لعل نے کی کھلی کچہری کا بنیادی مقصد شہریوں کو براہِ راست اپنے مسائل ضلعی انتظامیہ کے سامنے پیش کرنے کا موقع فراہم کرنا اور ان کے حل کیلئے فوری و مؤثر اقدامات یقینی بنانا تھا اس موقع (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

ایئرپورٹ روڈ خیزی چوک کے مقام پر 05 غیر قانونی واٹر سپلائی بورنگ/کنکشنز سیل

واسا کے قوانین کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، حبیب الرحمٰن کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) اسپیشل مجسٹریٹ واسا حبیب الرحمٰن کاکڑ نے غیر قانونی واٹر سپلائی بورنگ، غیر قانونی کنکشنز اور واسا کے واجب الادا بلوں کی عدم ادائیگی کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایئرپورٹ روڈ خیزی چوک کے مقام پر 05 غیر قانونی واٹر سپلائی بورنگ/کنکشنز سیل کر دیے۔ کارروائی کے دوران واسا حکام اور متعلقہ عملے نے غیر قانونی طور پر پانی حاصل کرنے والے کنکشنز کا معائنہ کیا اور قوانین کی خلاف ورزی پر پانچ سپلائی کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اس (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لورالائی علی نواز جمالی کی زیرِ صدارت ضلعی تعلیمی گروپ کا اہم اجلاس

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لورالائی علی نواز جمالی کی زیرِ صدارت ضلعی تعلیمی گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے سرکاری تعلیمی اداروں کی مجموعی کارکردگی، تعلیمی سہولیات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

لورالائی میں پرائس کنٹرول کمیٹی کا اہم اجلاس، نئے نرخنامے پر سختی سے عملدرآمد کا فیصلہ

تمام متعلقہ شعبوں کے نمائندگان کی تجاویز کا جائزہ لے کر نیا نرخنامہ مرتب کیا جائے گا

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) پرائس کنٹرول کمیٹی کا ایک اہم اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر علی نواز جمالی کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں ضلعی انتظامیہ، محکمہ حیوانات، میونسپل کمیٹی، فوڈ اتھارٹی اور مختلف تاجر تنظیموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد شہر میں مختلف اشیائے ضروریہ اور خدمات کے موجودہ نرخوں کا جائزہ لینے، نئے نرخ مقرر کرنے اور سرکاری (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میں کپڑے کی دکان میں آگ بھڑک اٹھی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار کپڑے کی دکان میں اچانک آگ لگنے سے لاکھوں روپے مالیت کا کپڑا جل کر راکھ ہو گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار سٹی پولیس تھانے کی حدود مین بازار میں مکھی ٹمل کمار کی کپڑے کی دکان میں (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)



لورالائی، صوبائی وزیرِ تعلیم راحیلہ حمید درانی یونیورسٹی آف لورالائی پاکستانیات کوئز مقابلے میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر چیک تقسیم کر رہے ہیں

کوئٹہ، کمشنر ایف بی آر رحمت اللہ درانی کو چیمبر آف سمال انڈسٹری کے دورے کے موقع پر ٹیکس بار ایسوسی ایشن بلوچستان کے چیئرمین سلیم رضا اور دیگر ممبران شیلڈ دے رہے ہیں

آسان اور کم لاگت مالی وسائل تک رسائی ایک اہم چیلنج ہے، سیدال ناصر

نوجوانوں اور خواتین کو کاروباری مواقع، آسان مالی وسائل، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا ملکی معاشی ترقی کیلئے ناگزیر ہے

ایک چھوٹے کاروبار کو مضبوط کرنا دراصل ایک خاندان، ایک کمیونٹی اور ملک کے معاشی مستقبل کو مضبوط کرنا ہے، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

اسلام آباد + کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SMEs) پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، جبکہ نوجوانوں اور خواتین کو کاروباری مواقع، آسان مالی وسائل، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا ملکی معاشی ترقی کیلئے ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی دشواری یا شکایت قابلِ قبول نہیں ہوگی، فضل الرحمٰن کبدانی

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر کھل عبدالسلام شاہوانی نے تحصیل دکی میں مختلف ٹرانسپورٹ اڈوں اور بینکوں کا تفصیلی دورہ کر کے عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات، پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور اے ٹی ایم سروسز کا جائزہ لیا دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف روٹس پر چلنے والی پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں، کرایہ ناموں اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کا معائنہ کیا۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ ردوبدل لوٹ مار ہے، حبیب اللہ بادیزئی

ڈیزل کی قیمت میں 33 روپے کمی، پٹرول میں صرف 2 روپے کمی مسترد، صدر ٹرانسپورٹرز

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی نے ڈیزل کی قیمت میں 33 روپے جبکہ پٹرول کی قیمت میں صرف 2 روپے کمی کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر ردوبدل کا سلسلہ عوام اور ٹرانسپورٹرز کے لیے ناقابلِ قبول ہے۔ حکومت (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

ڈھاڈر فٹبال اسٹیڈیم تباہی کے دہانے پر، نوجوان بہتر کے مستحق ہیں: سکینہ عبداللہ خان

بنیادی سہولیات اور مناسب نگرانی نہ ہونے کے باعث مقامی کھلاڑیوں کو کھیلوں کی سرگرمیوں کے لیے شدید مشکلات کا سامنا ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ بلوچستان کی چیئرپرسن، ڈبلیو ڈبلیو بلوچستان، سیاستدان، ماہرِ تعلیم اور سماجی و انسانی حقوق کی رکن، آئی ٹی وی ای ٹی، پالیسی بورڈ ممبر و ای گورنمنٹ کنسلٹنٹ محترمہ سکینہ عبداللہ خان نے کہا ہے کہ ضلع (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد پولیس نے قتل کے مقدمے میں مرکزی ملزم کو چند ہی گھنٹوں میں گرفتار کر لیا

کوئٹہ (پ ر) اوستہ محمد پولیس نے گزشتہ روز ہونے والے قتل کے مقدمے میں مرکزی ملزم کو چند ہی گھنٹوں میں گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن کی ہدایات پر پولیس ٹیم نے کارروائی کے دوران (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اللہ یار خان گڑھ میں عشقِ رسولؐ سے سرشار عظیم الشان محفلِ میلادِ مصطفیٰؐ

حضور اکرمؐ کی محبت ہی ایمان کی اصل روح اور دنیا و آخرت کی کامیابی کا ذریعہ ہے

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) ڈیرہ اللہ یار خان گڑھ میں عشقِ رسولؐ سے سرشار ایک عظیم الشان محفلِ میلادِ مصطفیٰؐ کا انعقاد کیا گیا، جس میں علماء کرام، مشائخ عظام اور عاشقانِ رسولؐ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ محفل سے درگاہ عالیہ غوثیہ قادریہ کے سجادہ نشین، پیر طریقت رہبر شریعت حضرت علامہ مولانا حافظ عبدالرحیم شاہ جیلانی دامت برکاتہم (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اللہ یار خان گڑھ میں عشقِ رسولؐ سے سرشار ایک عظیم الشان محفلِ میلادِ مصطفیٰؐ کے شرکاء

بگاری کینال میں پانی کی شدید قلت کے خلاف جے یو آئی اور آبادگاروں کا احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا

ہزاروں ایکڑ پر کھڑی دھان کی فصل خشک ہونے لگی، آبپاشی حکام فوری پانی فراہم کریں

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی) جمعیت علماء اسلام، آبادگاروں اور کسانوں کی جانب سے بگاری کینال میں پانی کی شدید قلت کے خلاف احتجاجی مظاہرہ جے یو آئی ضلع جیکب آباد کے امیر ڈاکٹر اے جی انصاری، ضلعی جنرل سیکریٹری مولانا سلیم اللہ بروہی، مولانا عبدالوحید پندرانی، مولانا اسد اللہ حیدری، عرفان علی لہر، مولانا محکم الدین، نعیم اللہ بروہی، جان محمد جمالی، مولانا حسین احمد جکھرانی، عبدالرزاق بنگلانی اور دیگر کی قیادت میں جامع مسجد گڑھی خیرو (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد، زمینی تنازع پر تصادم، فائرنگ کی زد میں آکر 15 سالہ نوجوان جاں بحق

بگن خان اور جبل خان بخشلانی جمالی فریقین کے مابین جدید ہتھیاروں کا بے دریغ استعمال، علاقہ میدانِ جنگ بن گیا

جیکب آباد (رپورٹ: انیس جلھرانی) جیکب آباد کے قریب تھانہ میرانپور کی حدود میں واقع گوٹھ ریحان خان بخشلانی جمالی میں پلاٹ پر گھر کی تعمیر کے معمولی تنازع پر بخشلانی جمالی برادری کے دو قریبی رشتہ دار (چچازاد بھائی) فریقین کے درمیان ہونے والے مسلح تصادم کے دوران فائرنگ کی زد میں آکر 15 سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا ہے، جس کے بعد پورے علاقے (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

کسی بھی قوم کی تاریخ، تہذیب، روایات اور اجتماعی شناخت کی آئینہ دار ہوتی ہیں، سرفراز احمد

گوادر (خ ن) بلوچی زبان، فن اور ثقافت کے فروغ کیلئے نمایاں خدمات انجام دینے والے معروف بلوچی فنکار سرفراز احمد کو ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی جانب (بقیہ 75 صفحہ 3 پر)

وندر، تیز رفتار ٹرالر کی رکشہ کو ٹکر رکشہ ڈرائیور موقع پر جاں بحق

وندر پولیس نے ضابطے کی ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی

سونمیانی وندر (نمائندہ بلوچستان آبزرور) وندر کے قریب تیز رفتار ٹرالر کی رکشہ کو ٹکر رکشہ ڈرائیور موقع پر جاں بحق ہو گیا پولیس ذرائع۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کی شب کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ این-25 پر آدم کھنڈ کے قریب کراچی کی جانب جانے والے تیز رفتار ٹرالر نے رکشہ کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں رکشہ میں سوار حبیب اللہ ولد عبدالرزاق دودا ساکن حب بتایا جاتا ہے شدید (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

خضدار، گریشہ کے پانچ بھائیوں کی والدہ سمیت پریس کانفرنس، بھائی عبید اللہ سے لاتعلقی کا اعلان

خضدار (این این آئی) خضدار کے علاقے گریشہ کے رہائشی پانچ بھائیوں نے اپنی ضعیف العمر والدہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے اپنے چھوٹے بھائی عبید اللہ سیاہ پادر رند سے مکمل لاتعلقی کا اعلان کر دیا ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ولی اللہ سیاہ پادر رند، (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

کوہلو: نیشنل پریس کلب کی نئی کابینہ تشکیل، عبدالرحیم مری صدر اور نذر بلوچ قلندرانی جنرل سیکرٹری منتخب

اخلاق مری اور راشد بلوچ کو ایگزیکٹو ممبران کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں

کوہلو (نامہ نگار) نیشنل پریس کلب کوہلو کی نئی کابینہ برائے سال 2026-2027 باقاعدہ طور پر تشکیل دے دی گئی ہے۔ نئی کابینہ میں عبدالرحیم مری کو صدر، موسیٰ جان شیرانی کو نائب صدر جبکہ نذر بلوچ قلندرانی کو جنرل سیکرٹری و فنانس سیکرٹری منتخب کیا گیا ہے۔ اسی (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد کے قریب فائرنگ، دو افراد قتل

یہ واقعہ رند اور بلیدی برادریوں کے درمیان چلے آرہے پرانے رشتہ داری کے تنازع کے باعث پیش آیا

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی): سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقے خانکی پل کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے موٹر سائیکل پر بلوچستان جانے والے افراد پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں بھٹیانی بلیدی برادری کے 2 افراد موقع پر ہی ہلاک ہو گئے۔ (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار مقبول بھٹی کے گیس کے دونوں میٹر 24 گھنٹے کے اندر لگوادیئے

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار مقبول بھٹی کے گیس کے دونوں میٹر 24 گھنٹے کے اندر لگوا دیے گئے۔ درخواست گزار مقبول بھٹی نے بتایا کہ Ssgcl کی جانب سے انکے گیس کے دونوں میٹر بغیر اطلاع کے نکال کر لے گئے۔ متعدد متعلقہ (بقیہ 74 صفحہ 3 پر)

میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کی تالا بند ہڑتال کی بھرپور حمایت، فنڈز فوری جاری کرنے کا مطالبہ

شہر میں روزمرہ بنیادوں پر شہریوں کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں

گنداخہ (نامہ نگار) میونسپل کارپوریشنز کو گزشتہ دو ماہ سے فنڈز کی عدم فراہمی اور بلدیاتی امور میں درپیش مالی مشکلات کے خلاف بلوچستان بھر میں 19 اگست کو ہونے والی تالا بند ہڑتال کی میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد نے بھی بھرپور حمایت کا اعلان کر دیا۔ میونسپل کارپوریشن حکام نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلدیاتی اداروں کو فوری طور پر فنڈز جاری کیے (بقیہ 73 صفحہ 3 پر)

نیشنل پریس کلب کوہلو کی نئی کابینہ کی تشکیل کے موقع پر اراکین اجلاس میں شریک ہیں

پولیس تھانہ گنداخہ، باغ ہیڈ اور باغ ٹیل میں بدامنی ناقابلِ قبول، پولیس کی رٹ مضبوط کی جائے، جے یو آئی گنداخہ

تاجروں، زمینداروں، مسافروں اور کاروباری طبقے کے لیے بھی پریشانی کا باعث بن رہی ہے

گنداخہ (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام تحصیل گنداخہ کے امیر مولانا امان اللہ حقانی، جنرل سیکرٹری قاری سلطان احمد سلطانی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا غلام نبی جاگیرانی اور دیگر مجلس عاملہ کے اراکین نے گنداخہ، باغ ہیڈ اور باغ ٹیل میں دن بدن بگڑتی ہوئی امن و امان کی صورتحال پر شدید تشویش اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے شہریوں میں عدم تحفظ کا احساس پیدا کر دیا ہے، جبکہ دن دیہاڑے لوٹ مار اور دیگر وارداتوں کے باعث عوام میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ انہوں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ علاقے (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

ڈائریکٹر پرائیٹ بلوچستان محترمہ فاطمہ منور سے اپیکا (شہید ساقی) کا وفد مرکزی قائد کریم سالانی کی قیادت میں ملاقات کر رہا ہے اس موقع پر حاجی خورشید لانگو اور میر ضیاء مینگل بھی موجود ہیں